★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | پیر 9 رمضان المبارک 1446ھ، 10 مارچ 2025ء، 26 پھاگن 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 134

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

مریم نواز کا پنجاب بھر میں کم از کم ماہانہ اجرت کا نفاذ یقینی بنانے کا حکم

وزیراعلیٰ پنجاب صوبہ میں مزدوروں کی ویلفیئر کیلئے سرگرم، مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم منصوبوں کی منظوری، رحیم یار خان میں 50 بیڈ کے نئے سوشل سکیورٹی ہسپتال کی اصولی منظوری

صوبہ بھر میں سوشل سکیورٹی ہسپتالوں کی ری ویمپنگ کا حکم، لاہور ڈیفنس روڈ پر 200 بیڈ کا رحمت اللعالمین کارڈیالوجی سینٹر بنانے کا اصولی فیصلہ، لیبر کالونیاں بنانے کیلئے پلان طلب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبہ میں مزدوروں کی ویلفیئر کیلئے سرگرم ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم منصوبوں کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جائزہ اجلاس میں مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے صوبائی وزیر محنت فیصل ایوب کھوکھر سے جامع پلان طلب کرلیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب بھر میں کم از کم اجرت کا نفاذ یقینی بنانے کا حکم دیا ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

چوہدری سالک کا اوورسیز پاکستانیوں کے پاسپورٹ بلاک کرنے کا نوٹس، وزارت داخلہ کو خط لکھ دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر چوہدری سالک نے اوورسیز پاکستانیوں کے پاسپورٹ بلاک کرنے کا نوٹس لے لیا اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پورٹ قاسم اراضی اسکینڈل، تحقیقات کیلیے 3 رکنی کمیٹی قائم

کمیٹی زمین کی لیزنگ میں بے ضابطگیوں کی انکوائری کرکے رپورٹ وزیراعظم کو دیگی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پورٹ قاسم اتھارٹی کی قیمتی زمین کے اسکینڈل کی تحقیقات کیلیے تین رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل دیدی۔ سینیٹر فیصل واوڈا کی جانب سے پورٹ قاسم اتھارٹی کی قیمتی زمین کے موجودہ حکومت کے دور میں اونے پونے دام دیئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

پی ٹی آئی عمران خان کا خصوصی پیغام پہنچانے کے لیے آج مولانا فضل الرحمٰن سے رابطہ کرے گی

اسد قیصر سابق وزیراعظم عمران خان کا خصوصی پیغام انہیں پہنچائیں گے، پی ٹی آئی کل کے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں جے یو آئی کو احتجاج میں شریک کرنا چاہتی ہے

وطن واپسی کے بعد جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان اکوڑہ خٹک پہنچے، مولانا فضل الرحمان دارالعلوم حقانیہ میں مولانا حامد الحق حقانی کی شہادت پر لواحقین سے اظہار تعزیت کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی طرف سے جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے آج رابطہ متوقع ہے جس کے دوران سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سابق وزیراعظم عمران خان کا خصوصی پیغام انہیں پہنچائیں گے۔ رپورٹ کے مطابق جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن وطن واپس پہنچ گئے، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

علما کیخلاف بندوق اٹھانا جہاد نہیں دہشتگردی ہے، تم مجاہد نہیں قاتل ہو، مولانا فضل الرحمٰن

ریاستی ذمہ داروں سے کہا دارالعلوم حقانیہ میں آپریشن کیا تو بہت مہنگا پڑے گا، مولانا سمیع الحق کی شہادت کا غم تازہ تھا، مولانا سمیع الحق کے بیٹے مولانا حامد الحق کو بھی شہید کردیا گیا

ہمارا عقیدہ ہے موت کا وقت، جگہ اور سبب معلوم ہے، مجھے یوں احساس ہورہا تھا یہ حملہ حامد الحق پر نہیں میرے گھر میرے مدرسے پر ہوا، یہ حملہ میرے مادر علمی پر ہوا ہے

اکوڑہ خٹک (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ عالم دین کے خلاف بندوق اٹھانا جہاد نہیں، تنگ نظری اور دہشتگردی ہے، تم مجاہد نہیں قاتل، مجرم ہو۔ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مولانا سمیع الحق کی شہادت کا غم تازہ تھا، مولانا سمیع الحق کے بیٹے مولانا حامد الحق کو بھی شہید کردیا گیا، دارالعلوم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



لاہور، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اراکین قومی اسمبلی عبدالغفار وٹو اور رکن صوبائی اسمبلی فدا حسین وٹو ملاقات کررہے ہیں

سیالکوٹ میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف منیارٹی کارڈ کی تقریب تقسیم

وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی خصوصی شرکت

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کے ہمراہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مینارٹی کارڈ اسکیم کے تحت ضلع سیالکوٹ 1547 اقلیتی گھرانوں میں منیارٹی کارڈ تقسیم کردیئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے منیارٹی کارڈ کے اجراء پر وزیراعلیٰ پنجاب کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ صحت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم ٹیکنالوجی کے فروغ اور ڈیجیٹل انقلاب میں نوجوانوں کا کلیدی کردار ہے

ہواوے کے آئی سی ٹی ٹریننگ پروگرام سے آئی ٹی برآمدات میں اضافہ، نوجوانوں کو روزگار ملے گا، حکومت نوجوانوں کو جدید مہارتوں سے لیس کرنے کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کررہی ہے: وزیراعظم

وزیراعظم کی زیر صدارت ہواوے ٹیکنالوجیز کے ساتھ پاکستانی نوجوانوں کو آئی سی ٹی ٹریننگ کی فراہمی کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا، آئی ٹی کے شعبے میں عالمی معیار کی تربیت فراہم کرنے کے لئے مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی کے فروغ اور ڈیجیٹل انقلاب میں نوجوانوں کا کلیدی کردار ہے، حکومت نوجوانوں کو جدید مہارتوں سے لیس کرنے کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کررہی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ہواوے ٹیکنالوجیز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے سیکرٹری وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس ملاقات کررہے ہیں

پیٹرول مہنگا کرو، بجلی کے دام بڑھاؤ، آئی ایم ایف کا "ڈومور" کا مطالبہ

پیٹرولیم لیوی بتدریج 60 سے بڑھا کر 70 روپے فی لیٹر کی جائے، آئی ایم ایف

اسلام آباد (این این آئی) پیٹرول مہنگا کر، بجلی کے دام بھی بڑھاؤ۔ آئی ایم ایف نے پاکستان سے پھر ڈومور کا مطالبہ کردیا۔ عالمی مالیاتی فنڈ نے قرض کی اگلی قسط کیلئے مزید کڑی شرائط رکھ دیں۔ بجلی پر 2 روپے 80 پیسے سرچارج لگانے کا مطالبہ کردیا۔ پیٹرولیم لیوی بھی بتدریج 60 سے بڑھا کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کا قانون کی حکمرانی کیلئے اپنی تحریک تیز کرنے کا اعلان

ہری پور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے قانون کی حکمرانی کیلئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

امریکہ، سنگاپور، ملائیشیا سمیت 14 ملکوں سے مزید 117 پاکستانی بے دخل

سعودی عرب سے بلیک لسٹ، امیگریشن مسائل، منشیات، بھیک مانگنے، کفیل کے بغیر کام کرنے سمیت مختلف الزامات پر 54 ڈی پورٹ

کراچی (یو این پی) امریکا، سنگاپور، ملائیشیا سمیت 14 ملکوں سے مزید 117 پاکستانیوں کو بے دخل کردیا گیا۔ تفصیلات کیمطابق گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران امریکا، سنگاپور، قطر اور ملائشیا سمیت 14 مختلف ممالک سے مزید 117 پاکستانیوں کو بے دخل کردیا گیا۔ امیگریشن ذرائع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



پشاور، جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں خطاب کرتے ہوئے

بزدار دور میں ہونے والی مالی بدعنوانی کی تحقیقات 20 مارچ تک مکمل کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری احمد اقبال نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

لاہور: مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس آج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

کچھ معاملات میں سیاسی سمجھوتے کرنا پڑتے ہیں، عرفان صدیقی

سیاست کیلئے حکمت عملی بنانا پڑتی ہے، پرویز خٹک کی کابینہ میں شمولیت پر گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سینیٹر عرفان صدیقی نے سابق وزیر دفاع پرویز خٹک کی کابینہ میں شمولیت کے بارے میں کہا ہے کہ کچھ معاملات میں سیاسی سمجھوتے کرنا پڑتے ہیں، سیاست کیلئے حکمت عملی بنانا پڑتی ہے، مولانا فضل الرحمان مار دھاڑ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

پنجاب اسمبلی کا اجلاس دو روز کے وقفے کے بعد (آج) دوبارہ ہوگا

حکومت کی جانب سے 8 مسودات قوانین منظوری کے لئے پیش کئے جائینگے

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا اجلاس دو روز کے وقفے کے بعد آج (پیر) صبح 11 بجے شروع ہوگا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں محکم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

پنجاب بار کونسل کا ماتحت عدلیہ میں دوسری شفٹ پر تحفظات کا اظہار

شام کی عدالتیں لگانا ناگزیر ہے تو ان میں صرف فیملی کیسز کو نمٹایا جائے: عرفان صادق تارڑ

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے ماتحت عدلیہ میں دوسری شفٹ پر اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر شام کی عدالتیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



مریدکے: وفاقی وزیر صنعت رانا تنویر حسین کا عمائدین اور عوام کیساتھ گروپ فوٹو

تعلیم کیلئے سالانہ ایک کروڑ روپے جیب سے خرچ کررہا ہوں، رانا سکندر حیات

بطور وزیر ملنے والی دس لاکھ تنخواہ بھی تعلیم کے لئے عطیہ کردیتا ہوں، وزیر تعلیم پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ میں خود نمائی نہیں کررہا لیکن لوگوں کو ترغیب دینے کے لئے بتا رہا ہوں کہ میں گزشتہ بارہ سالوں سے سالانہ ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

حکمران غیر جانبدار سروے کرالیں حقیقت سامنے آجائیگی، مسرت چیمہ

وزیراعظم کے نوٹس لینے کے بعد چینی کی قیمت میں مزید 10 روپے اضافہ ہوگیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



گجرات: صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین ترقیاتی سکیموں کی پیشرفت کا جائزہ لے رہے ہیں

خیبر پختونخوا کے عوام نے افغان مہاجرین کے فوری انخلا کو خوش آئند قرار دیدیا

پشاور (این این آئی) افغان مہاجرین کئی دہائیوں سے پاکستان میں مقیم ہیں اور حکومت نے ان کا بھرپور خیال رکھا مگر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

اضلاع کو مالی خودمختاری دینے کیلئے ڈسٹرکٹ فنانس کمیشن قائم کیا جائے، ہمایوں اختر خان

آئی ٹی کمپنیوں کو دیہی علاقوں کی جانب راغب کرنے کیلئے مراعات دی جائیں، سابق وفاقی وزیر

فیصل آباد/تاندلیانوالہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ اضلاع کو مالی خودمختاری دینے کیلئے ڈسٹرکٹ فنانس کمیشن قائم کیا جائے، معاشی سرگرمیوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

بارسلونا میں 10 پاکستانی دہشت گردی کے الزام میں گرفتار

ملزمان منظم مجرمانہ تنظیم سے تعلق رکھتے ہیں جو میسجنگ گروپوں کے ذریعے پرتشدد احکامات جاری کرتی تھی

بارسلونا (این این آئی) بارسلونا میں 10 پاکستانی دہشت گردی کے الزام میں گرفتار کئے گئے جو اپنے مخالفین کے قتل اور سر قلم کرنے کی ترغیب دے رہے تھے۔ تحقیقات سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن کے پارلیمنٹرینز پر مشتمل وفد ملاقات کررہا ہے

پیپلز پارٹی ہمارے ساتھ رہے گی، حکومت 5 سال پورے کرے گی، رانا تنویر

افغانستان کا اسلحہ پاکستان کیخلاف استعمال ہورہا ہے، امریکا اسے خریدے یا ختم کرے پاکستان کا امن بحال ہوگا: وفاقی وزیر

اللہ کا نظام ہے جنہوں نے دہشت گرد چھوڑے آج سزا بھگت رہے ہیں، فتنہ الخوارج ختم کریں گے، سزائیں بھی دیں گے

نارنگ منڈی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ہمارے ساتھ تھی اور رہے گی، حکومت پانچ سال پورے کرے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ افغانستان کا اسلحہ پاکستان کیخلاف استعمال ہورہا ہے، امریکا اسے خریدے یا ختم کرے پاکستان کا امن بحال ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کا نظام ہے جنہوں نے دہشت گرد چھوڑے آج سزا بھگت رہے ہیں، فتنہ الخوارج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

ایک اور پاکستانی موسیٰ ہراج آکسفورڈ یونین کے صدر منتخب ہوگئے

لندن (این این آئی) پاکستانی طالبعلم موسیٰ ہراج آکسفورڈ یونین کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

سابق امیر جماعت اسلامی سینیٹر مشتاق کے بڑے بھائی ہمسائے کی فائرنگ سے جاں بحق

پشاور (این این آئی) جماعت اسلامی کے سابق امیر خیبر پختونخوا و سینیٹر مشتاق احمد خان کے بڑے بھائی شکیل احمد خان ہمسائے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

برطانیہ 200 ملین پاؤنڈ منی لانڈرنگ کیس، 4 افراد کو قید کی سزائیں

لندن (این این آئی) برطانیہ کی تاریخ کی سب سے بڑی منی لانڈرنگ میں ملوث مجرمان کو قید کی سزا سنادی گئی ہے۔ برطانوی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

امریکا، سنگاپور، ملائیشیا سمیت 14 ملکوں سے مزید 117 پاکستانی بے دخل

کراچی (این این آئی) امریکا، سنگاپور، ملائیشیا سمیت 14 ملکوں سے مزید 117 پاکستانیوں کو بے دخل کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران امریکا، سنگاپور، قطر اور ملائشیا سمیت 14 مختلف ممالک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

گراں فروشی، ناجائز منافع خوری ناقابل برداشت، ملک افضل کھوکھر

موجودہ حکومت کی بہترین حکمت عملی سے مہنگائی میں خاصی کمی ہوئی ہے، چیئرمین پنجاب ماڈل بازار کمپنی

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی و چیئرمین پنجاب ماڈل بازار کمپنی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ رمضان المبارک میں گراں فروشی اور ناجائز منافع خوری ناقابل برداشت ہے، مہنگائی کے اس دور میں ناجائز منافع خور عوام کا استحصال کررہے ہیں، نا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



اسلام آباد: وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود کا موسمیاتی تبدیلی کے چیمپئنز کیساتھ گروپ فوٹو

را کے وسطی ایشیا میں سرگرم ایجنٹ ٹی ٹی پی کے بینک رولر

مغربی ذرائع کے مطابق ٹی ٹی پی امیر "را" سے ماہانہ 45 ہزار ڈالر تنخواہ لے رہا ہے

لاہور (این این آئی) مغربی میڈیا نے انکشاف کیا ہے کہ گینگسٹر بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کے وسطی ایشیا میں سرگرم ایجنٹ پاکستان دشمن تنظیم ٹی ٹی پی کے بینک رولر بن گئے۔ "را" کے دیے ڈالروں سے ہی ٹی ٹی پی نے افغان صوبوں، کنر، ننگرہار، خوست اور پکتیکا میں نئے عسکری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

اعجاز چوہدری کو ایوان میں پیش نہ کیا جانا افسوسناک ہے، اسد قیصر

جب میں اسپیکر تھا تو شہباز شریف کو ہم پروڈکشن آرڈر پر بلاتے تھے اور وہ آکر لمبی لمبی تقریریں کرتے تھے: رہنما تحریک انصاف

ہم ماضی کو بھول چکے ہیں، ماضی میں جے یو آئی اور پی ٹی آئی میں کیا تلخیاں تھیں، کتنی خلیج تھی، رہنما جے یو آئی (ف) حافظ حمد اللہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ کے پروڈکشن آرڈرز کے باوجود سینیٹر اعجاز چوہدری کو ایوان میں پیش نہ کیا جانا افسوسناک ہے، جب میں اسپیکر تھا تو شہباز شریف کو ہم پروڈکشن آرڈر پر بلاتے تھے اور وہ آکر لمبی لمبی تقریریں کرتے تھے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ جن معاشروں میں عدم برداشت ہوتی ہے اور اپنے مخالفین کو دیوار سے لگانے کی کوشش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

وزیراعلیٰ پنجاب کا خواب صاف ستھرا پنجاب صرف خواب بن کر رہ گیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل شہر بھر کی نالیاں اور گٹر ابل پڑے، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

لاہور ہائیکورٹ کی انتظامی کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کی انتظامی کمیٹی کا اجلاس آج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

حکومت کا ڈیجیٹل پرائز بانڈ متعارف کرانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے ڈیجیٹل پرائز بانڈ متعارف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

امریکا نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کیلیے نئی ٹریول ایڈوائزری جاری کردی

امریکی شہری پاکستان میں بلا اجازت مظاہروں کے قریب جانے سے گریز کریں، ہدایت

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے اپنے شہریوں کیلئے پاکستان میں خاص طور پر خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے سفر سے متعلق نئی ٹریول ایڈوائزری جاری کی ہے۔ یہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



چلاس: وفاقی وزیر برائے سیفرون انجینئر امیر مقام دیامیر بھاشا ڈیم کے متاثرین سے گفتگو کررہے ہیں

علی امین گنڈاپور صرف بڑھکیں مار رہا ہے، رانا مبشر اقبال

افغانستان کی سرزمین سے پاکستان پر حملے ہورہے ہیں، بانی پی ٹی آئی نے دہشتگرد تنظیموں کو قبائلی علاقوں میں رہنے کی دعوت دی

دہشتگردی کا قلع قمع کریں گے، سپہ سالار بھی دہشت گردی کا خاتمہ کرنے کیلئے کوششیں کررہے ہیں، وفاقی وزیر کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پبلک افیئر یونٹ رانا مبشر اقبال نے کہا ہے کہ جب آئے تو ملک ڈیفالٹ کرگیا تھا لیکن شہباز شریف نے بھرپور محنت سے ملک کو ڈیفالٹ سے باہر نکالا، ادارے بہتری کی جانب گامزن ہیں، پی ٹی آئی حکومت کی وجہ سے ہمارے کسی سے مراسم نہیں رہ گئے تھے، موجودہ حکومت نے بھرپور محنت کرکے خارجہ پالیسی کو بہترین کیا، نومئی کو پی ٹی آئی نے جو کیا وہ بھارت بھی نہیں کرسکا تھا، پی ٹی آئی نے جی ایچ کیو پر حملہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری تقریب سے خطاب کررہے ہیں



سوات: صوبائی وزیر ڈاکٹر امجد علی کلاڈھیر، تختہ بند رابطہ پل کے تعمیراتی کام کا جائزہ لے رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

کمیونٹی کے حقوق کے حصول کے لیے کوئی غفلت نہیں کریں گے، عامر اشرف

نوختہ چینیٹی ایجوکیشن اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن کا اجلاس صوبائی صدر عامر اشرف کی زیر صدارت منعقد



لاہور (خبر نگار) نوختہ چینیٹی ایجوکیشن اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن کا اجلاس پنجاب کے صدر عامر اشرف کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں جنرل سیکرٹری نصیر اقبال، نائب صدر ڈاکٹر غزالہ، محمد عمران راہی، نائب صدر راجہ صدیق ایڈووکیٹ، عنایت اللہ بیزاری، کیشئر عبدالرزاق، جوائنٹ سیکرٹری اعجاز مہر، پریس سیکرٹری فخر اسلام باجوہ، ضلعی سیکرٹری محمد آصف ملک اور ڈسٹرکٹ سیکرٹری ثنا رضا شرکت کی اجلاس میں صدر عامر اشرف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 28 فروری کو چینیٹی ایجوکیشن اکیڈمک سٹاف نے ایجوکیشن میں بھرپور شرکت کی اور 75 ووٹ ڈال کر تاریخ رقم کی اور پاکستیٹر گروپ کو 67 ووٹ دے کر اپنے اعتماد کا اظہار کیا جبکہ گلوبل ایلیز گروپ کو 5 ووٹ ملے ہم اس تاریخی کامیابی پر اللہ کریم کے حضور سجدہ شکر بجا لاتے ہوئے اپنی اس تاریخی کامیابی کو اپنی سینیا کمیونٹی کے نام کرتے ہیں۔ میں اپنے تمام ووٹرز، سپورٹرز، ہمدردز، اور چاہنے والوں کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور آئندہ بھی ان کے لیے کوئی قطعہ نہیں کریں گے اور ان کو ساتھ لے کر بھی تعلیمی کے اور باہمی مشاورت سے اپنی جدوجہد کو آگے بڑھائیں گے۔ انھوں نے اس موقع پر سینیا کے چیئرمین اور چیف الیکشن کمشنر جناب قیصر شاہ صاحب کا انتہائی شاف، شفاف اور کھرا انداز الیکشن کروانے پر خراج تحسین پیش کیا اور امید کرتا ہوں وہ آئندہ بھی سینیا کمیونٹی کے حقوق کی خاطر ہماری راہنمائی فرماتے رہیں گے۔

سمن آباد پولیس کی بہترین کارروائی سابقہ ریکارڈ یافتہ بدمعاش گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سمن آباد پولیس کی بہترین کارروائی سابقہ ریکارڈ یافتہ بدمعاش گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او سمن آباد سید شہزاد نے بدمعاش بدمعاش اسعدی عرف ہیرا گجر کو گرفتار کرلیا اسعد عرف ہیرا گجر نے گزشتہ رات بلال خان کو معمولی تلخ کلامی پر گولی ماری معلوم اسعد عرف ہیرا گجر نے اسلامیہ پارک لنک روڈ کے علاقے میں گولی ماری ملزم اسعد عرف ہیرا گجر گرفتار کر کے تھانہ سمن آباد منتقل کر دیا گیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن بلال اکبر کمبوہ کی ہدایت پر ڈولفن سکواڈ اور تھانہ سمن آباد کی پولیس ٹیم کو شاباش دی۔

پاکستان سے روزگار کے حصول کیلئے مسقط جانیوالا نوجوان محمد یمین لاپتہ

پریشان حال لواحقین اپنے پیارے کی تلاش کیلئے مختلف حربے استعمال کرنے لگ گئے



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) معاشی والا سیالکوٹ روڈ گوجرانوالہ پاکستان سے روزگار کے حصول کیلئے مسقط جانیوالا نوجوان محمد یمین لاپتہ، پریشان حال لواحقین اپنے پیارے کی تلاش کیلئے مختلف حربے استعمال کرنے لگ گئے، بعد ازاں پاکستانی نوجوان محمد یمین مسقط نیول بیس قید ہونے کا پتہ چلنے پر لواحقین انتہائی پریشانی کا شکار ہو گئے۔ لواحقین کا وزیراعظم میاں شہباز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سمیت دیگر حکام بالا سے نوجوان کو محفوظ جلد سے جلد واپس لانے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق مقابق معاشی والا سیالکوٹ روڈ گوجرانوالہ کے رہائشی محمد اسلم نے اپنے بیٹے محمد یمین کو سلسلہ روزگار سیرین ملک مسقط بھیجا تھا یمین کے حصول کیلئے مسقط جانیوالا نوجوان محمد یمین مسقط پہنچنے کی اپنے ہوگیا جس کے باعث لواحقین میں پریشانی کی لہر دوڑ گئی، بعد ازاں لواحقین کو معلوم ہوا محمد یمین مسقط جیل میں قید ہے جس پر لواحقین میں پریشانی کی لہر دوڑ گئی، لواحقین نے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سمیت دیگر حکام بالا سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے پیارے محمد یمین کو مسقط جیل سے رہا کروانے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق مقابق معاشی والا سیالکوٹ روڈ گوجرانوالہ کے رہائشی محمد اسلم نے اپنے بیٹے محمد یمین کو سلسلہ روزگار سیرین ملک مسقط بھیجا تھا یمین کے حصول کیلئے مسقط جانیوالا نوجوان محمد یمین مسقط پہنچنے کی اپنے ہوگیا جس کے باعث لواحقین میں پریشانی کی لہر دوڑ گئی، بعد ازاں لواحقین کو معلوم ہوا محمد یمین مسقط جیل میں قید ہے جس پر لواحقین میں پریشانی کی لہر دوڑ گئی، لواحقین نے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سمیت دیگر حکام بالا سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے پیارے محمد یمین کو مسقط جیل سے رہا کروانے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق مقابق معاشی والا سیالکوٹ روڈ

محکمہ موسمیات نے جہلم سمیت ملک بھر میں بارشیں برسانے والے سسٹم سے آگاہ کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) محکمہ موسمیات نے جہلم سمیت ملک بھر میں بارشیں برسانے والے سسٹم سے آگاہ کر دیا، محکمہ موسمیات کی جانب سے پیش گوئی کی گئی ہے۔ جہلم سمیت پنجاب بھر میں خشک موسم کا سلسلہ پچھلے کئی ماہ سے جاری ہے جب کہ درجہ حرارت میں بھی خشک موسم کی وجہ سے تدریج اضافہ ہو رہا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اتوار اور پیر کو جہلم سمیت پنجاب کے دیگر اضلاع میں بادل برسیں گے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ 12 مارچ سے بارش برسانے والا سسٹم پنجاب کے مشرقی اضلاع میں بادل برسائے گا۔ 12 مارچ کو بارش برسانے والا سسٹم پاکستان میں داخل ہوگا۔ 12 اور 13 مارچ کو جہلم سمیت پنجاب کے متعدد اضلاع میں بارش کے امکانات واضح ہیں۔ آج جہلم میں کم سے کم درجہ حرارت 15 ڈگری سے کم رہا جو کہ زیادہ سے زیادہ 27 ڈگری سینٹی گریڈ سے تک جانے کے امکانات ہیں۔

پنجاب میں خواتین اب پہلے سے زیادہ محفوظ اور خودمختار ہیں: عظمیٰ بخاری

خواتین وزیر اعلیٰ پنجاب کی ریڈ لائنز ہیں، ان پر تشدد کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا

پنجاب واحد صوبہ ہے جہاں ورکنگ خواتین کیلئے ہاسٹلز اور ڈے کیئر سینٹرز قائم کیے جا رہے ہیں

خواتین کی آن لائن ہراسانی کو روکنے کیلئے سائبر ونگ کو مزید مضبوط کیا جا رہا ہے

خواتین کے حقوق کے مطالبات جائز ہیں، تاہم متنازعہ پوسٹرز سے گریز کرنا چاہیے



لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی زیر صدارت خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے تصویری نمائش کا افتتاح کر رہی ہیں

متنازعہ پوسٹرز پر اظہار افسوس موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت خواتین کو ہر ممکن سہولت اور تحفظ فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، اور اس سلسلے میں مزید اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب میں رہنے والی ہر خاتون کو ہر ممکن تحفظ اور سہولت فراہم کی جائے گی۔ خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ساحر نظام کو مزید مضبوط کیا جا رہا ہے، تاکہ کوئی خاتون ہراسانی کے خلاف فوری طور پر آواز اٹھا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کا اہتمام محکمہ خواتین کی جانب سے کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت نے ملازمت پیشہ خواتین کی مدد کے لیے ورکنگ ہاسٹلز اور ڈے کیئر سینٹرز قائم کیے جا رہے ہیں، تاکہ وہ اپنے بچوں کی دیکھ بھال کے حوالے سے فکرمند نہ ہوں۔ وہی رانی پروگرام کے تحت پہلے مرحلے میں 1500 شادیاں کروائی جا چکی ہیں، اور اس پروگرام کو مزید آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ جو خواتین ہراسانی کا شکار ہوں ان کی سہولت کے لیے ہیلپ لائن 1043 قائم کی گئی ہے۔ خواتین کے لیے الیکٹرک بسوں میں خصوصی نشستیں مختص کی گئی ہیں۔ خواتین کے لیے ایک چھتری کے نیچے کام کرنے والی ہر خاتون کو 2 لاکھ روپے کا بلاسود قرضہ دیا جا رہا ہے۔ ہر ضلع میں خواتین کے لیے ایمرجنسی سروسز 1122 کی طرز پر ہیلپ لائن 1043 قائم کی گئی ہے۔ ہر ضلع میں خواتین کے لیے ایک ایک ہاسٹل بنایا جا رہا ہے۔ ہر ضلع میں خواتین کے لیے ایک ایک ڈے کیئر سینٹر بنایا جا رہا

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3)10 مارچ 2025ء

پرائس کنٹرول و کمیونٹی مینجمنٹ کا رمضان سہولت بازار گوجرانوالہ کا اچانک دورہ

کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، ممبران صوبائی اسمبلی عمران خالد بٹ، عمر فاروق ڈار، مینیجر ماڈل بازار عادل سجاد اور دیگر افسران بھی موجود تھے



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یٰسین اور معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول و کمیونٹی مینجمنٹ میڈم سمی بٹ نے رمضان سہولت بازار گوجرانوالہ کا اچانک دورہ کیا اور بازار میں اشیائے خورونوش کی دستیابی، معیار اور نرخوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، ممبران صوبائی اسمبلی عمران خالد بٹ، عمر فاروق ڈار، مینیجر ماڈل بازار عادل سجاد اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے صوبائی وزیر کو رمضان سہولت بازار کے انتظامات بارے بریفنگ دی۔ وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین اور معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول و کمیونٹی میڈم سمی بٹ نے مختلف اسٹالز پر جا کر سبسڈی والی اشیاء کے نرخ اور معیار چیک کیا انہوں نے وہاں موجود شہریوں سے رمضان بازار میں فراہم کی جانے والی سہولیات بارے دریافت کیا جس پر صارفین نے حکومت پنجاب کی سبسڈی اور سہولت بازار کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیر ہاؤسنگ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اشیائے ضروریہ کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے اور رمضان المبارک میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ذخیرہ اندوزی، گراں فروشی اور ناقص معیار پر سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ افسران روزانہ کی بنیاد پر سہولت بازاروں کی مانیٹرنگ کریں، عوامی سہولت کے مزید اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو کسی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ وزیر ہاؤسنگ اور معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول نے رمضان سہولت بازار کے مجموعی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید احمد نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ حکومت پنجاب کے رہنما رمضان پیکیج کے تحت گوجرانوالہ ڈویژن میں 716 سنٹرز بنائے گئے ہیں۔ گوجرانوالہ ڈویژن میں 40 لاکھ 7131 پے آرڈرز میں 36 لاکھ 4457 وصول ہو چکے ہیں جن میں سے 20 لاکھ 1062 تصحیح میں 10 ہزار روپے کے پے آرڈرز تقسیم کیے جا چکے ہیں۔

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین جھنگ میں ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد

تحصیل پاپولیشن ویلفیئر آفیسر جھنگ عاصمہ پروین سمیت کالج حذا کی ٹیچرز اور طالبات کی کثیر تعداد نے خصوصی طور پر شرکت کی



جھنگ (بیورو رپورٹ) خواتین کے عالمی دن کے موقع پر محکمہ بہبود آبادی ڈسٹرکٹ آفس جھنگ کے زیر اہتمام گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین جھنگ میں ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر جھنگ سلمیٰ پروین، اسسٹنٹ پروفیسر اردو منسز گلناز، اسسٹنٹ پروفیسر انگلش نجف سمرین گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین جھنگ، اور تحصیل پاپولیشن ویلفیئر آفیسر جھنگ عاصمہ پروین سمیت کالج حذا کی ٹیچرز اور طالبات کی کثیر تعداد نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں خواتین کی آبادی 50 فیصد سے زائد ہے لیکن وسائل اور فیصلہ سازی میں ان کی شمولیت کا تناسب بہت کم ہے۔ خواتین کی ترقی کے بغیر کسی ملک کی ترقی ممکن نہیں۔ خواتین کو تعلیم، صحت اور روزگار کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں خواتین کے عالمی دن ہر سال 8 مارچ کو منایا جاتا ہے۔ یہ دن خواتین کی کامیابیوں، ان کی جدوجہد اور حقوق کی حمایت کرنے کے لیے مخصوص ہے۔ خواتین کے عالمی دن کا مقصد جنس کی بنیاد پر مساوات، حقوق اور فلاح و بہبود کے لیے عالمی سطح پر جدوجہد کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حقوق نسواں کے تحفظ کیلئے آگاہی ضروری ہے آبادی اور وسائل میں توازن سے اکثر نئی مسائل سے نمٹا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ بے ہنگم آبادی سے معاشی اور معاشرتی جرائم جنم لیتے ہیں پڑھیں لکھی ماں بہترین کنبہ تشکیل دے سکتی ہے۔

ڈاکٹر افضل حمید گورنمنٹ گریجویٹ کالج ستیانہ روڈ فیصل آباد کا چارج لیں گے

فیصل آباد (سالم الیاس) ڈاکٹر افضل حمید پرنسپل گورنمنٹ گریجویٹ کالج ستیانہ روڈ فیصل آباد، ڈاکٹر عتیق امجد اسلامیہ کالج، ڈاکٹر مقسوم کارخانہ بازار کالج اور ڈاکٹر طیبہ شاہین گلشن کالونی کالج میں فرائض انجام دیں گی تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب نے فیصل آباد ڈویژن کے علاوہ ساہیوال، راولپنڈی، گوجرانوالہ اور سرگودھا ڈویژنوں میں گریڈ بیس کی خالی شستوں پر مستقل پرنسپل تعینات کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ منظور شدہ سمری کے مطابق صدارتی ایوارڈ یافتہ ماہر اقبالیات ڈاکٹر افضل حمید گورنمنٹ گریجویٹ کالج ستیانہ روڈ فیصل آباد میں، سابق ڈائریکٹر کالجز کالجز مکتوم خیر گورنمنٹ گریجویٹ کالج کارخانہ بازار، گریجویٹ کالج گلشن کالونی میں فرائض انجام دیں گی۔

مردوں کے شانہ بشانہ کام کرنے والی خواتین کو میرا سلام، رابعہ راحیل

اس دن کو منانے کا مقصد ان خواتین کی حوصلہ افزائی کرنا ہے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) مردوں کے شانہ بشانہ کام کرنے والی خواتین کو میرا دونوں ہاتھوں سے سلام، رابعہ راحیل۔ تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب ویلفیئر فاؤنڈیشن کی صدر میڈم رابعہ راحیل نے نوجوان صحافی حافظ محمد نوید کمبوہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر کی طرح ننکانہ صاحب میں بھی خواتین کا عالمی دن جوش وجذبہ کے ساتھ منایا گیا اس دن کو منانے کا مقصد ان خواتین کی حوصلہ افزائی کرنا ہے جو مردوں کے شانہ بشانہ کام کرتی ہے وہ شعبہ تعلیم شعبہ صحت شعبہ پولیس شعبہ سول ڈیفنس شعبہ 1122 شعبہ وکالت شعبہ صحافت کا ہی کیوں نہ ہو ہر جگہ ہر وقت خواتین مردوں کے شانہ بشانہ کھڑی کام کرتی نظر آئیں گی والدین کو بھی چاہیے کہ وہ اپنی بیٹیوں کو اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ ملک وقوم کی خدمت کرنے کے لیے مختلف شعبوں میں اپنے نام کا لوہا منوانے کے لیے بلاجھجک بھیجے اور مردوں کو بھی چاہیے کہ وہ خواتین کی عزت کرے۔

جاوید قریشی کی والدہ انتقال کرگئیں: نماز جنازہ ادا کر دی گئی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) محمد خالد وسیم سمیت عمائدین شہر کی کثیر تعداد میں شرکت محمد جاوید اقبال قریشی، شاہد اقبال قریشی، محمد زاہد اقبال قریشی ایڈووکیٹ کی والدہ ماجدہ کا انتقال کر گئیں۔ ان کی نماز جنازہ ماڈل ٹاؤن آلوکی جنازگاہ میں ادا کر دی گئی جنازہ میں کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی، سابق صدر سوسائٹی سجاول علی وسیم محمد عظیم بٹ، ڈاکٹر غلام سرور اور سیاسی وسماجی و مذہبی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنی تدفین لال پیر قبرستان میں ادا کی گئی۔ فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے عزیز واقارب اور سوگواران کے ہمراہ مرحومہ کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی

وہیکل ٹیکس نادہندگان کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں: سید تجمل حسین نقوی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وہیکل ٹیکس و پراپرٹی ٹیکس نادہندگان کیخلاف کامیاب کارروائیوں کے دوران کروڑوں کی ریکوری کی گئی۔ گورنمنٹ ٹیکس نادہندگان کیخلاف جاری آپریشن کامیاب رہا۔ سیالکوٹ کے مختلف روڈز پر چیکنگ و جنرل ہولڈ آپ کے دوران ممنوع نمبر پلیٹس، بلانمبری وہیکلز و نادہندگان ٹوکن ٹیکس مالکان کی گاڑیاں بند کر کے انہیں سیالکوٹ ایکسائز آفس میں بلوا کر وہیکلز کے زمہ سرکاری واجبات کیسز معہ جرمانے وصولی کا مکمل مکمل کر کے گاڑی دی جاتی ہے۔ ان باتوں کا اظہار ایکسائز نارکوٹکس اینڈ ٹیکسیشن آفیسر سیالکوٹ سید تجمل حسین نقوی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

ڈاکٹر ساجد کے گھر پر ایم ایس او کاڑہ جام شہزاد کی جانب سے دھاوے کا ڈراپ سین

گھر کا تالا کھولنے کے بعد اپنی ضروری کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ افسران بالا چلے گئے



اوکاڑہ (راؤ کرام ربانی/قوت) ڈاکٹر ساجد کے گھر پر ایم ایس او کاڑہ جام شہزاد کی جانب سے دھاوے کا ڈراپ سین۔ مقامی انتظامیہ نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر ایک گھر خالی کروایا گیا۔ خالی کروائے جانے والا گھر ڈاکٹر ساجد کو چند ہال قبل الاٹ کیا گیا تھا لیکن وہ وہاں رہائش پذیر نہیں تھے۔ انتظامیہ کی جانب سے پالیسی کے مطابق اس کی الاٹمنٹ منسوخ کر دی گئی۔ یہی گھر ڈاکٹر عبدالقیوم بیگ کنسلٹنٹ آرتھو پیڈک سرجن کو الاٹ کیا گیا ہے۔ آج مقامی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کے ساتھ ڈاکٹر ساجد نے خود تالا کھولا۔ گھر کا تالا کھولنے کے بعد اپنی ضروری کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ افسران بالا چلے گئے۔

وزیر اعظم کی انتھک محنت سے پاکستان ترقی کی جانب گامزن ہے: عبدالرحمن کانجو

اضافی بلنگ کی ستائی عوام کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کروں گا



مریدکے (تحصیل رپورٹر) عبدالرحمن خان کانجو وزیر مملکت برائے بجلی و پبلک آفیسر یونٹ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ مجھے وزارت مملکت برائے بجلی و پبلک آفیسر یونٹ پاکستان کا قلمدان دینے پر میں اپنی پارٹی کے قائد مسلم لیگ ن میاں نواز شریف وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھ پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا اور الحمدللہ مجھے تیسری بار وزارت میں عوام اور پاکستان کی خدمت کرنے کا موقع فراہم کیا انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ ن کی حکومت میں پاکستان ترقی کی طرف گامزن ہے وزیر اعظم پاکستان کی انتھک محنت کے نتیجے میں پاکستان کے اداروں میں عوامی مسائل کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے ہم بطور وزیر اعظم پاکستان کی ٹیم وزیر اعظم پاکستان کے شانہ بشانہ دن رات محنت کر کے ملک پاکستان کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالیں گے گزشتہ روز انہوں نے مریدکے عوامی پریس کلب کے صحافیوں ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا ہے کہ میں آئندہ چند مہینوں میں پورے پاکستان میں واپڈا دفاتر کا دورہ کروں گا اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے چھوٹے بڑے شہروں میں بجلی کی مسلسل فراہمی یقینی بنانے اور اضافی بلنگ کی ستائی عوام کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کروں گا۔

خواتین کے عالمی دن کے موقع پر عوام پاکستان کے زیر اہتمام Tearfund کے تعاون سے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد

خواتین کی بااختیاری کے راہ میں وہ رکاوٹ ایسے مردانہ سماج کے نظریات ہیں جو کہ کسی نہ کسی طریقے سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں کہ خواتین کمزور اور کم عقل ہوتی ہیں



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) خواتین کے عالمی دن کے موقع پر عوام پاکستان کے زیر اہتمام Tearfund کے تعاون سے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں 100 سے زیادہ افراد نے شمولیت سینٹری ورکرز، گھر مزدور اور گھریلو ملازمین، شعبہ تحقیق کے طالبعلم، مذہبی رہنما، اساتذہ اکرام، اور سیاسی نمائندگان نے شرکت کی۔ اس سیمینار کے انعقاد کا مقصد خواتین کی بااختیاری کی راہ میں حائل رکاوٹیں، خواتین کے حوالہ سے موجود قوانین میں موجود سقم، اور مساوی آمدنی نظام کی پیچیدگیاں جیسے مسائل پر بات چیت کرنا اور انکی بہتری کے لئے تجاویز دینا تھا۔ سیمینار کے دوران مس شازیہ جارج (سابقہ ممبر پنجاب فیشن برائے حیثیت نسواں، چیئر پرسن عوام)، سونیا جاوید (ایگزیکٹو ڈائریکٹر عوام)، جمشید گل (نمائندہ Tearfund)، ڈاکٹر نجمہ اصغر (سابقہ ممبر پنجاب اسمبلی)، ایڈووکیٹ فاطمہ سعید (بیکن انٹرنیشنل کالج)، ردا سندھو (سما نیوز)، اور صفیہ حیات (شاعرہ و افسانہ نگار)، نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ علاوہ ازیں مس سونیا پیٹرس (ڈپٹی ڈائریکٹر عوام)، اور مس لائبہ شوکت (یوتھ کوآرڈینیٹر عوام) پروگرام کے دوران مس سیج سیکریٹری کے فرائض سرانجام دیے۔ مقررین نے خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی خواتین نہ تو معاشی حوالہ سے اور نہ ہی سیاسی حوالہ سے بااختیار ہیں جو کہ ان کی وسائل سے محرومی اور استحصال کا باعث بنتی ہیں۔ مزید بات کرتے ہوئے کہا گیا کہ خواتین کی بااختیاری کے راہ میں رکاوٹ ایسے مردانہ سماج کے نظریات ہیں جو کہ کسی نہ کسی طریقے سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں کہ خواتین کمزور اور کم عقل ہوتی ہیں۔ اس مصنوعی کم فہمی اور جسمانی کمزوری کے حق میں دلائل گھڑے گئے۔

سیالکوٹ 1547 اقلیتی گھرانوں میں مینارٹی کارڈز کی تقسیم

صحت مند معاشرے کیلئے لازم ہے کہ مذہبی اور نسلی اقلیتوں کو بلاتفریق یکساں حقوق میسر ہوں: وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف



سیالکوٹ (قوت بیورو عامر جاوید) وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کا صوبائی وزیر ہیومین رائٹس و منیارٹی افیئرز رامیش سنگھ اروڑا کے ہمراہ سیالکوٹ میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مینارٹی کارڈ کی تقسیم، ضلع سیالکوٹ 1547 اقلیتی گھرانوں میں مینارٹی کارڈ تقسیم کر دیئے گئے۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کا مینارٹی کارڈ کے اجراء پر وزیر اعلیٰ پنجاب کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ صحت مند معاشرے کیلئے لازم ہے کہ مذہبی اور نسلی اقلیتوں کو بلا تفریق یکساں حقوق میسر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بغیر کسی تفریق کے اول و آخر پاکستانی ہو اور اس مٹی سے وفاداری کسی مذہبی وابستگی کی وجہ سے اثر انداز نہ ہو۔ انہوں نے کہ صحت مند معاشرے میں اقلیتیں محفوظ ہوتی ہیں ان کو وہی حقوق میسر ہوتے ہیں جو اکثریت بلکہ اس سے بھی زیادہ حقوق اور سہولیات میسر ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ اس لحاظ سے خوش قسمت ہے یہاں مسیحیوں، ہندوؤں اور سکھوں کی خاصی تعداد میں بستے ہیں اور قیام پاکستان کے بعد سے یہاں آباد ہیں اور ان کو اپنے کاروبار اور مذہبی رسومات میں مکمل آزادی حاصل ہے۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ 1947 کے بعد سیالکوٹ میں سکھوں کی تعداد صرف 10 رہ گئی تھی اور چیف منسٹر پنجاب کے اقدامات کی بدولت یہ تعداد 100 سے تجاوز کر گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ میں اقلیتوں کی موجودگی کو بین الاقوامی سطح پر تسلیم کرایا جائے گا یہ دکھایا جائے یہ اس شہر میں تمام مذاہب کے لوگ مذہبی یکانگت اور ہم آہنگی سے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ گردوارہ بابے دے بیری کے مقدس مقام تالاب کو قبضہ مافیا سے کروایا گیا اور باقی رقبہ بھی واگذار کروایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ سکھ کمیونٹی کی بین الاقوامی منزل بن چکی ہے تاکہ وہ دیکھ سکیں کہ یہاں پر مذہبی، نسلی اقلیتیں کسی حال میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے مین متشدد رویے موجود ہیں اور ایسے واقعات ملک اور قوم کیلئے شرمندگی کا باعث بنتے ہیں۔ پاکستان کی مٹی پر بلاتفریق سب کا حق ہے۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ غالباً پاکستان کی قانون ساز اسمبلی کے پہلے اسپیکر ہندو تھے اور پاکستان کی عدلیہ کے جسٹس کارنیلس کا تعلق بھی اقلیت سے تھا جن پر کوئی انگلی نہیں اٹھا سکتا جبکہ 10 سے 15 سالوں میں جو چیف جسٹس گذرے ہیں ان پر انگلی تو کیا کچھ اور بھی اٹھایا جا سکتا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ قوموں کی برداشت کی پیمائش اقلیتی سوچ اور مذہب کی برداشت کے لیول سے کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مذہب کا بنیادی جزو ہے کہ یہاں اقلیتیں ہنسی خوشی رہیں اور اسی جذبے کے پنجاب حکومت آگے بڑھ رہی ہے۔ صوبائی وزیر ہیومین رائٹس و منیارٹی افیئرز رامیش سنگھ اروڑا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بطور وزیر اعلیٰ اپنی پہلی تقریر میں کہا تھا کہ اقلیتیں میرے سر کا تاج ہیں میں چاہتی ہوں جب اقلیتیں سوئے تو انہیں کسی قسم کا کوئی خوف نہ ہو۔ اسی طرح قائد میاں نواز شریف کہتے ہیں کہ میرے نزدیک اکثریت اور اقلیت کی کوئی تفریق نہیں۔ صوبائی وزیر انسانی حقوق رامیش سنگھ اروڑا نے کہا کہ 22 جنوری کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مینارٹی کارڈ کا اجراء کیا، بغیر کسی سفارش کے پورٹل کے ذریعے 93 ہزار پنجاب میں بسنے والے غیر مسلم گھرانوں نے خود کو رجسٹرڈ کیا ان میں سے 50 ہزار گھرانوں کو جن غربت اسکور 45 سے تھا مینارٹی کارڈ کیلئے اہل قرار دیا گیا۔ اگلے سال مینارٹی کارڈ سے 75 ہزار گھرانے مستفید ہونگے۔



آنے والی نسلوں کیلئے تعلیم کو عام کرو قت کی ضرورت ہے: سردار عرفان دوگر

تعلیم وہ سمندر ہے جو ساری زندگی بھی بندہ حاصل کرتا رہے تو مکمل نہیں ہوتا اور تعلیم وہ ساتھی ہے جو ہمیشہ انسان کو کامیابی کی راہ دیکھاتی ہے



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کے سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری سردار عرفان ڈوگر نے کہا ہے کہ تعلیم وہ سمندر ہے جو ساری زندگی بھی بندہ حاصل کرتا رہے تو مکمل نہیں ہوتا اور تعلیم وہ ساتھی ہے جو ہمیشہ انسان کو کامیابی کی راہ دیکھاتی ہے سب ساتھ چھوڑ سکتے ہیں مگر تعلیم ساتھ نہیں چھوڑتی آنیوالی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے تعلیم کو عام کرکے ہی حقیقی کامیابی سے ہمکنار ہو سکتے ہیں آج کے ہونہار ہمارا کل کا سرمایہ و اثاثہ ہیں اس سرمایہ کو محفوظ بنانے کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جو ہونہار سکالر شپ پروگرام کا آغاز طلباء وطالبات کیلئے ٹھنڈی ہوا کا جھونکا ثابت ہوگا شیخوپورہ کے 84 طلباء وطالبات کو ہونہار سکالر شپ پروگرام کے تحت رقوم ملنا بھی خوش آئند ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے طلباء وطالبات کیلئے لیپ ٹاپ سکیم کا آغاز سے بھی انکے حوصلے بلند ہونگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ گریجویٹ کالج شیخوپورہ میں منعقدہ ہونہار سکالر شپ پروگرام کے تحت منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز محمی ادریس، پرنسپل پروفیسر عبدالرحیم اشرف، پروفیسر داؤد احمد، پروفیسر نوید مغل، پروفیسر عرفان وٹو، پروفیسر مقصود احمد، پروفیسر سعید احمد گجر، پروفیسر اعجاز ورک، پروفیسر ڈاکٹر شہزاد، پروفیسر نوید گل سمیت دیگر بھی موجود تھے تقریب کے دوران 84 طلباء وطالبات میں سکالر شپ چیک دیئے گئے سردار عرفان ڈوگر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے اپنے ہر دور میں تعلیم اور صحت کے شعبہ کی کامیابی کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز محمی ادریس، پرنسپل پروفیسر عبدالرحیم اشرف، پروفیسر داؤد احمد، پروفیسر نوید مغل، پروفیسر عرفان وٹو، پروفیسر مقصود احمد، پروفیسر سعید احمد گجر، پروفیسر اعجاز ورک، پروفیسر ڈاکٹر شہزاد، پروفیسر نوید گل سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے صوبائی وزیر کو رمضان سہولت بازار کے انتظامات بارے بریفنگ دی۔ وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین اور معاون خصوصی برائے

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر طاہرہ خان نے خواتین کی خدمت کو سراہا

خواتین ہنگامی حالات میں فرنٹ لائن پر رہتے ہوئے عوام کی جانیں بچانے میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہیں



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ ریسکیو سینٹرل سٹیشن خواتین کے عالمی دن کے موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر طاہرہ خان نے ادارے میں خدمات سرانجام دینے والی خواتین کو خراج تحسین پیش کیا انہوں نے کہا کہ خواتین معاشرے کا اہم ستون ہیں اور پنجاب ایمرجنسی سروس میں خدمات انجام دینے والی خواتین نہ صرف اپنی قابلیت اور ہنر کا مظاہرہ کر رہی ہیں بلکہ ہنگامی حالات میں فرنٹ لائن پر رہتے ہوئے عوام کی جانیں بچانے میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے ریسکیو 1122 میں کام کرنے والی تمام خواتین کو سراہتے ہوئے کہا کہ آپ سب کی لگن اور خدمت کے جذبے کو سلام پیش کرتے ہیں۔

اوکاڑہ پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے تین افراد سے بھاری مقدار میں چرس برآمد

اوکاڑہ (راؤ کرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے تین افراد سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ حجرہ شاہ مقیم پولیس کو اطلاع ملی کہ بدنام زمانہ منشیات فروش بھاری مقدار میں چرس سیکر شہر میں سپلائی کر رہا ہے جس پر تھانہ حجرہ شاہ مقیم کے سب انسپکٹر محمد عمر فاروق نے نفری کے ہمراہ چھاپہ مار کر نواحی قصبہ بوٹی رام سنگھ کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش آصف عرف امانت علی ولد نذیر سے 12 کلو 200 گرام چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے۔ جبکہ انچارج سی آئی اے دیپالپور ملک محمد ارشد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش اظہر سے 12 کلو چرس تھانہ شاہ صبور کے ایس ایچ او محمد سلیم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر ساجد عمران سے 2 کلو 120 گرام چرس اور قدرت علی سے 2 کلو 180 گرام چرس برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لئے ہیں۔

ناقص اشیائے خوردونوش ملنے سے سہولت بازار پروگرام ٹھوتاڑ

شہری سستی اور معیاری اشیا خریدنے سے قاصر ہیں چینی غائب پھٹے پرانے کیٹرنگ پر لاکھوں خرچ کر دیئے گئے



مریدکے (تحصیل رپورٹر) تحصیل مریدکے انتظامیہ کی ناقص کارکردگی کے باعث وزیر اعلیٰ پنجاب کے پروگرام سہولت بازار میں مہنگی اور ناقص اشیائے خوردونوش ملنے سے پروگرام کو ٹھوتاڑ کر دیا گیا شہری سستی اور معیاری اشیا خریدنے سے قاصر ہیں چینی غائب پھٹے پرانے کیٹرنگ پر لاکھوں خرچ کر دیئے گئے تحصیلدار کی موجودگی میں شہریوں کو وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوس کا مطالبہ تفصیل کیمطابق مرید کے تحصیل بھر بالخصوص جی ٹی روڈ کے اطراف سروس روڈ پر لاکھوں کی لاگت سے لگائے گئے پھٹے پرانے تقریب کے دوران ناقص تھوکنات کیٹرنگ وغیرہ میں وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے عوام کیلئے رمضان المبارک میں سستی اشیائے خوردونوش مہیا کرنے کا مشن تحصیل انتظامیہ نے ٹھوتاڑ کر دیا سہولت بازار میں بھی اور غیر معیاری اشیائے خوردونوش رکھوائی گئی ہیں چینی سہولت بازار سے 2 کلو میٹر دور جگہ پر رکھ کر عوام کی پہنچ سے دور کر دی گئی تحصیل انتظامیہ کی ناقص کارکردگی اور حکم عملی کے باعث سہولت بازار میں سستی اور معیاری اشیا کی خریداری ناکام دکھائی دیتی ہے۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کا مختلف امتحانی مراکز کا دورہ

دوران وزٹ ڈی سی نے رول نمبر سلپس، سٹوڈنٹس کی حاضری، رولنمبر کے تحت بیٹھنے کی ترتیب اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کا مختلف امتحانی مراکز کا دورہ، ڈی سی نے گورونانک ہائیر سیکنڈری سکول اور گورنمنٹ ایم سی گرلز ہائی سکول کے امتحانی مراکز کا دورہ کیا، دوران وزٹ ڈی سی نے رول نمبر سلپس، سٹوڈنٹس کی حاضری، رولنمبر کے تحت بیٹھنے کی ترتیب اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے امتحانی عملے کی حاضری، پیپر شیٹ کی ترسیل سمیت نقل کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔ دوران وزٹ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امتحانات کے شفاف انعقاد کے لئے امتحانی مراکز کی مسلسل مانیٹرنگ جاری ہے جبکہ ضلع میں قائم امتحانی مراکز کے اندر غیر متعلقہ افراد کا داخلہ ممنوع ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام امتحانی مراکز میں روشنی سمیت سیکورٹی کے مناسب انتظامات کیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے نقل کی روک تھام کے لیے ٹھوس اقدامات کیے گئے ہیں۔

اسلام نے ہمیشہ عورت کو مکمل تحفظ، عزت اور حقوق فراہم کیے ہیں

عارفوالا (نمائندہ قوت) اسلام نے ہمیشہ عورت کو مکمل تحفظ، عزت اور حقوق فراہم کیے ہیں مگر آج کی مسلمان عورت اپنے اصل مقام کو فراموش کر چکی ہے آج کی عورت نے اپنے مقصد حیات کو محض دنیاوی خواہشات تک محدود کر لیا ہے عورت کے کردار کے بعد کوئی بھی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا آج خواتین مردوں کے شانہ بشانہ ہر شعبہ زندگی میں اپنی صلاحیتوں سے ملک کی ترقی میں کردار ادا کر رہی ہیں معاشرے کی ترقی کے لیے خواتین کو مردوں کے برابر مواقع ملنے کی ضرورت ہے جن معاشروں میں برابری ہوتی ہے اور جہاں خواتین معاشی طور پر مضبوط ہوتی ہیں وہ معاشرے ہمیشہ ترقی کی جانب گامزن رہتے ہیں ان خیالات کا اظہار عارفوالا کے پیوٹ MPA ڈاکٹر فرخ جاوید چوہدری نے خواتین کے عالمی دن کے موقع پر تمام محکمہ کش خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ معاشرے ہمیشہ برابری کی بنیاد پر قائم ہوتے ہیں۔

ڈی سی سیالکوٹ کی ہدایات پر ضلع سیالکوٹ میں پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن

سیالکوٹ (قوت بیورو عامر جاوید) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شریف گھمن کی بھکاریوں کیخلاف کارروائیاں گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن کیلئے ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شریف گھمن کی زیر نگرانی خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، پنجاب ویگرنسی آرڈیننس 1958 کے تحت 296 بھکاریوں کو گرفتار کیا جا چکا ہے جبکہ 23 بھکاریوں اور ان کے سہولت کاروں پر ایف آئی آر بھی درج کروائی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑ

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

امریکی اسلحہ کی افغانستان سے واپسی کے بغیر خطے میں امن کی بحالی ممکن نہیں

چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بنوں میں ہونے والے گھناؤنے حملے کے منصوبہ سازوں اور سہولت کاروں کو کٹہرے میں لایا جائیگا جبکہ مسلح افواج پاکستان کے عوام کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کی جانب سے جاری بیان کے مطابق آرمی چیف نے چار مارچ کو فتنہ الخوارج کے دہشت گرد حملے کے بعد بنوں کا دورہ کیا جہاں پاک فوج کے سربراہ کو سیکورٹی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ جنرل عاصم منیر نے بنوں کنٹونمنٹ پر دہشتگرد حملے کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لیا آرمی چیف کو جاری اپریشنز اور علاقے کی مجموعی سکیورٹی صورتحال پر مفصل بریفنگ دی گئی۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق آرمی چیف نے سی ایم ایچ بنوں میں زخمی اہلکاروں کی عیادت کی اور انکی مستقل مزاجی اور غیر متزلزل عزم کو سراہا۔ اس موقع پر جنرل سید عاصم منیر کا کہنا تھا کہ پاک فوج ریاست کی سلامتی اور استحکام یقینی بنانے کیلئے کردار ادا کرتی رہے گی اور ملکی استحکام کیلئے دہشت گردی کیخلاف دفاع وطن کا فریضہ ادا کریگی جبکہ کسی کو بھی ملکی امن اور استحکام میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائیگی۔ انہوں نے مقامی برادری کے کلیدی کردار پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کیخلاف جنگ میں قومی اتحاد ناگزیر ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ مسلح افواج پاکستان کے عوام کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گی۔ آرمی چیف نے دہشت گردی کے اس گھناؤنے اور بزدلانہ واقعہ میں اپنی جانیں گنوانے والے بے گناہ شہریوں کے اہل خانہ سے بھی اظہار تعزیت کیا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اگرچہ اس واقعہ کے ذمہ داروں کو بہادر فوجیوں نے فوری طور پر موقع پر ہی ہلاک کر دیا ہے تاہم اس بزدلانہ حملے کے منصوبہ سازوں اور سہولت کاروں کو بھی جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائیگا چاہے وہ کہیں بھی ہوں۔ پاک فوج کے سربراہ کا کہنا تھا کہ بچوں خواتین اور بزرگوں سمیت شہریوں کو وحشیانہ طور پر نشانہ بنانے سے خوارج کے اسلام دشمن ہونے کے حقیقی عزائم بے نقاب ہو گئے ہیں۔ انہوں نے جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے انکی جرات مندانہ کارروائیوں کو سراہا اور حملہ آوروں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے میں فوری اور فیصلہ کن ردعمل کی تعریف کی۔ آرمی چیف نے باور کرایا کہ دشمن عناصر کے ایما پر کارروائی کرنے والے خوارج اور انکے سہولت کاروں کیخلاف جنگ اس کے منطقی انجام تک جاری رہے گی۔ انہوں نے بتایا کہ فتنہ الخوارج سمیت دہشت گرد گروہ افغان سرزمین سے پاکستان کیخلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں اور حالیہ دہشت گرد حملوں میں غیر ملکی ہتھیاروں کا استعمال اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ افغانستان ایسے عناصر کی محفوظ پناہ گاہ ہے۔ دریں اثنا بلوچستان میں پاک افغان سرحد کے قریب سیکورٹی فورسز کے گزشتہ روز کے کامیاب اپریشن کے بعد افغانستان سے دراندازی کے مزید شواہد سامنے آگئے ہیں۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں افغان دہشت گردوں کے ملوث ہونے میں بتدریج اضافہ ہوا ہے اور افغانستان سے دہشت گردوں کی دراندازی بڑھنے لگی ہے جس کیلئے مختلف دہشت گرد تنظیموں کو افغان طالبان کی مکمل حمایت اور سہولت کاری وسرپرستی حاصل ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں پاک افغان سرحد کے قریبی علاقے ٹوبہ کاکڑی میں سیکورٹی فورسز نے کامیاب اپریشن کیا جس میں چار اہم دہشت گرد گرفتار کئے گئے اور ان سے کلاشنکوفیں دستی بم اور دیگر آتشیں اسلحہ برآمد کیا گیا جبکہ گرفتار دہشت گردوں نے دہشت گردی کی بڑی کارروائی کی منصوبہ بندی کا اعتراف بھی کرلیا ہے۔ اس میں تواب کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہی کہ پاک افغان سرحد سے پاکستان میں داخل ہو کر یہاں خونریز حملے اور دہشت گردی کی دوسری وارداتیں کرنے والے عناصر اور انکے سہولت کاروں کو طالبان کی کابل انتظامیہ کی مکمل حمایت اور سرپرستی حاصل ہے جن کی آشیر باد کے ساتھ ہی وہ اس ارض وطن کو انسانی خون سے رنگین کر کے پاکستان کا پرامن مستحکم اور اجلا چہرہ بیرونی دنیا میں خراب کر کے دکھانا چاہتے ہیں۔ پاکستان کی سلامتی کمزور کرنا بنیادی طور پر ہمارے شروع دن کے دشمن بھارت کا ایجنڈہ ہے جسے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے پہلے کابل کے امریکی کٹھ پتلی حکمرانوں کی سہولت کاری حاصل تھی جبکہ اب کابل کی طالبان انتظامیہ بھی پاکستان کے ساتھ بدخواہی کے راستے پر چل نکلی ہے۔ بھارت اسی صورتحال سے فائدہ اٹھا رہا ہے جو اپنے دہشت گردوں کی افغانستان میں تربیت کرتا ہے اور پھر انہیں اسلحہ اور گولہ بارود دیکر پاکستان میں داخل کر دیتا ہے۔ کابل انتظامیہ کی جانب سے افغانستان اور پاکستان کے طالبان گروپوں کو بھی پاکستان میں وحشت وبربریت کا بازار گرم کرنے کیلئے یہی سہولت حاصل ہوگئی اور ہمارے لئے بدقسمتی یہ ہوئی کہ امریکہ نے اپنے فوجیوں کے افغانستان سے انخلا کے وقت جلد بازی میں اپنا سارا اسلحہ اور گولہ بارود افغانستان میں ہی چھوڑ دیا جو دونوں گروپوں کے طالبان دہشت گردوں کے ہتھے لگ گیا اور اسی اسلحے کو وہ پاکستان میں دہشت گردی اور خودکش حملوں کیلئے بروئے کار لا رہا ہے۔ پاکستان کے سیکورٹی اداروں کے پاس اسکے ٹھوس ثبوت بھی موجود ہیں اور گزشتہ روز ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے بھی اپنی پریس بریفنگ میں باور کرایا ہے کہ اگر امریکہ افغانستان میں چھوڑے گئے اپنے ہتھیار واپس لے لیتا ہے تو اس سے خطے میں امن بحال ہوسکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ افغان دہشت گرد شریف اللہ کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق امریکہ کے حوالے کیا گیا ہے۔ انہوں نے داعش کے پاکستان میں کیمپوں کے الزام کو قابل مذمت قرار دیا اور کہا کہ ہم افغانستان سے اچھے ہمسایہ تعلقات چاہتے ہیں جس کیلئے افغانستان کو دہشت گردی کے خاتمے کی کارروائیوں میں پاکستان کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا۔ اس حوالے سے عالمی میڈیا کے یہ انکشافات تشویشناک ہیں کہ امریکہ کو مطلوب افغان دہشت گرد شریف اللہ ان افغان دہشت گردوں میں شامل تھا جو پاکستان کی بنوں جیل توڑ کر فرار ہوئے تھے۔ بدقسمتی سے جیل توڑ کر دہشت گردوں کے فرار ہونے کا واقعہ بھی اس وقت رونما ہوا جب پی ٹی آئی کے دور حکومت میں افغانستان کی طالبان حکومت کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت پاکستان کی جیلوں میں مقید افغان باشندوں کو رہا کیا گیا جو مختلف سنگین جرائم میں ملوث تھے۔

کابینہ میں اضافہ کیا کارکردگی میں بہتری ہو سکے گی؟؟؟

پاکستان کی کابینہ میں کچھ تبدیلیاں کی گئی ہیں، نئے اضافے اور محکموں کی دوبارہ تفویض کے ساتھ موجودہ کابینہ کی قیادت وزیراعظم شہباز شریف کر رہے ہیں جنہوں نے کئی وزرا کو اہم عہدوں پر تعینات کیا ہے۔ کابینہ میں کچھ نئے اضافے شامل ہیں محمد اورنگزیب اقتصادی رابطہ کمیٹی) ای سی سی (کے چیئرمین کے طور پر، اسحاق ڈار بطور چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے تجارت (CCoP)، احسن اقبال بطور چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے چینی سرمایہ کاری منصوبوں (CCoCIP) نئی کابینہ میں اضافے کے بارے میں ماہرین نے ملی جلی رائے کا اظہار کیا ہے، کچھ لوگوں نے پاکستان کے معاشی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تجربہ کار رہنماؤں کی ضرورت کا حوالہ دیتے ہوئے ان تقرریوں کی تعریف کی ہے۔ دوسروں نے ان اقدامات پر تنقید کی ہے، یہ دلیل دی کہ وہ ملک کے بنیادی ڈھانچے کے مسائل کو حل نہیں کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، کچھ ماہرین نے وزیر خزانہ کے طور پر ان کی ماضی کی کارکردگی کے بارے میں خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے اسحاق ڈار کی سی سی او پی کے چیئرمین کے طور پر تقرری پر سوال اٹھایا ہے۔ دوسروں نے نئی کابینہ کی بامعنی اصلاحات کو نافذ کرنے کی صلاحیت پر شکوک کا اظہار کیا ہے۔ ان تنقیدوں کے باوجود، نئی کابینہ میں اضافے کو وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے اور اس کے اہم چیلنجز سے نمٹنے کی کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ موثر حکمرانی اور محکمانہ ذمہ داری کے لیے پاکستان کو ایک پیشہ ور کابینہ کی ضرورت ہے۔ ایک پیشہ ور کابینہ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ہر وزارت کی سربراہی ان کے متعلقہ شعبے میں ماہر ہو، باخبر فیصلے کرے جس سے ملک کو فائدہ ہو ایک پیشہ ور کابینہ کی اہم خصوصیات تکنیکی مہارت اپنے متعلقہ ڈومینز میں خصوصی علم اور تجربہ رکھنے والے وزرا میرٹ کی بنیاد پر تقرریاں سیاسی وابستگیوں یا ذاتی روابط کے بجائے اہلیت کی بنیاد پر انتخاب، احتساب، اتھارٹی اور ذمہ داری کی واضح لکیریں، باقاعدہ تشخیص اور تشخیص کے ساتھ ایک پیشہ ور کابینہ ہی اہم کردار ادا کر سکتی ہے بہتر فیصلہ سازی اور موثر پالیسی پر عمل درآمد۔ بہتر کارکردگی ہموار عمل اور کم بیوروکریسی بہتر شفافیت، صاف مواصلات اور جوابدہی کے طریقہ کار پر عمل درآمد ہی بہتر فیصلہ سازی میں معاونت فراہم کرے گی دنیا اس کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے عمل کر رہی ہے۔ سنگاپور اپنی موثر حکمرانی کے لیے جانا جاتا ہے، سنگاپور کی کابینہ اعلی تعلیم یافتہ اور تجربہ کار افراد پر مشتمل ہے۔ نیوزی لینڈ کی کابینہ کا انتخاب تکنیکی مہارت اور تجربے پر توجہ کے ساتھ میرٹ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے اگرچہ پاکستان نے اپنی طرز حکمرانی کو بہتر بنانے کے لیے کوششیں کی ہیں، ملک کو بدعنوانی، نااہلی اور شفافیت کے فقدان کے حوالے سے اب بھی چیلنجز کا سامنا ہے۔ ایک پیشہ ور کابینہ ان مسائل کو حل کرنے کی طرف ایک اہم قدم ہو گی۔ سیاسی کابینہ کی ذمہ داریاں وسیع اور متنوع ہوتی ہیں جن میں عوام کی ضروریات اور مطالبات شامل ہوتے ہیں۔ ان کی ذمہ داریوں کو وسیع پیمانے پر کئی اہم شعبوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے، ملازمتیں پیدا کرنا، معاشی نمو کو تحریک دینا اور ملک کے مالی معاملات کو سنبھالنا کابینہ کی اہم ذمہ داریاں ہیں۔ شہریوں کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنانا، ملکی اور بین الاقوامی سطح پر، ایک اہم ذمہ داری ہے صحت کی دیکھ بھال، تعلیم، اور سماجی معاونت کے پروگرام جیسی ضروری خدمات کی فراہمی شہریوں کی بہبود کے لیے بہت ضروری ہے۔ ملک کے قدرتی وسائل کی حفاظت اور ماحولیاتی خدشات جیسے کہ موسمیاتی تبدیلی کو دور کرنا اہم ذمہ داریاں ہیں سفارتی تعلقات کو برقرار رکھنا، تجارتی معاہدوں پر گفت و شنید کرنا، اور عالمی سطح پر ملکی مفادات کی نمائندگی کرنا



کابینہ کے کردار کے تمام اہم پہلو ہیں۔ ان ذمہ داریوں کے لیے محتاط غور، حکمت عملی کی منصوبہ بندی، اور موثر نفاذ کی ضرورت ہے۔ کابینہ کو مسابقتی مطالبات میں توازن رکھنا چاہیے، باخبر فیصلے کرنا چاہیے، اور ان لوگوں کے لیے جوابدہ رہنا چاہیے جن کی وہ خدمت کرتی ہے۔ جامع ترقی کے حصول کے لیے پاکستان کو درج ذیل شعبوں کی نگرانی کے لیے مختلف شعبوں میں ماہرین کی ضرورت ہے معاشی منصوبہ بندی اقتصادی منصوبہ بندی کے ماہرین اسٹریٹجک پلاننگ اور پالیسی، دفاعی فیصلوں اور حکمت عملی سے آگاہ کرنے کے لیے اسٹریٹجک پلاننگ اور پالیسی کے ماہرین۔ اعلی درجے کی ڈگریاں، متعلقہ شعبوں میں پی ایچ ڈی، ماسٹر ڈگری، یا بیچلر کی ڈگریاں، خصوصی تربیت، سرٹیفکیشن، ڈپلومے، یا مخصوص شعبوں میں تربیت پر تحقیق اور ترقی کا تجربہ، تحقیق، اختراع اور مسئلہ حل کرنے کا ثابت شدہ ٹریک ریکارڈ، ٹیموں کی قیادت کرنے، پراجیکٹس کا انتظام کرنے اور اسٹریٹجک فیصلے کرنے کی صلاحیت، ان شعبوں میں اعلی تعلیم یافتہ پیشہ ور افراد کو راغب کرنے اور برقرار رکھنے سے پاکستان ترقی، جدت اور قومی سلامتی کو آگے بڑھا سکتا ہے۔ کسی ملک میں خوشحالی اور فعالیت کے حصول کے لیے لوگوں میں بعض خصوصیات کا ہونا ضروری ہے، جن میں مرضی، لگن اور ایمانداری شامل ہیں۔ یہ خصوصیات موثر قیادت اور حکمرانی کے لیے ضروری ہیں جب ان خصوصیات کے حامل افراد اقتدار میں ہوں تو وہ مثبت تبدیلی اور ترقی کو آگے بڑھا سکتے ہیں۔ وصیت انہیں سخت فیصلے کرنے اور اپنے مقاصد کے لیے پرعزم رہنے کے قابل بناتی ہے۔ لگن اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ وہ ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے درکار کوششیں کریں اور ایمانداری اعتماد اور شفافیت کو فروغ دیتی ہے جو شہریوں اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ مضبوط تعلقات استوار کرنے کے لیے ضروری ہے مزید یہ کہ جب لیڈر ایماندار اور شفاف ہوں تو انہیں انتخابات سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے وہ اپنے مفادات کے تحفظ کے بجائے عوام کی خدمت پر توجہ دے سکتے ہیں۔ یہ نقطہ نظر آنے والی صدیوں تک پائیدار خوشحالی اور ایک اچھی طرح سے کام کرنے والے ملک کا باعث بن سکتا ہے کچھ اہم اقدار جو اس وژن کو حاصل کرنے میں مدد کر سکتی ہیں ان میں شامل ہیں۔ ان اقدار کو اپنانے سے، افراد موثر رہنما بن سکتے ہیں اور ملک کی خوشحالی میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔ ماہرین اور تجربہ کاروں کی موجودہ کابینہ اور حکمرانی پر اس کے اثرات کے بارے میں مختلف آرا ہیں کچھ لوگ اسے تجربہ پر وفاداری کی قدر کے طور پر دیکھتے ہیں جہاں صدر کے لیے ذاتی وفاداری کو متعلقہ تجربے اور قابلیت پر ترجیح دی جاتی ہے۔ اس نقطہ نظر نے اہم قومی مسائل کو موثر طریقے سے حل کرنے کی کابینہ کی صلاحیت کے بارے میں خدشات کو جنم دیا ہے۔ دوسرے اسے ایک ایگزیکٹو پاور کو مستحکم کرنے کی کوشش کے طور پر دیکھتے ہیں، کچھ لوگ اسے ایک آمرانہ منصوبہ بھی کہتے ہیں جو قانون کی حکمرانی، اختیارات کی علیحدگی اور شہری آزادیوں کو مجروح کرتا ہے۔ ہیریٹیج فاونڈیشن کا پراجیکٹ 2025 جس کا مقصد وفاقی حکومت کو نئی شکل دینا اور اس سلسلے میں دائیں بازو کی پالیسیوں کو آگے بڑھانا ہے کے لحاظ سے اس عمل کو دو طرفہ حمایت اور مخالفت دونوں نے نشان زد کیا ہے۔ مثال کے طور پر، سیکرٹری آف اسٹیٹ مارکو روبیو کی توثیق قریب قریب متفقہ ووٹ سے ہوئی جب کہ دیگر نامزد امیدواروں جیسے کہ اٹارنی جنرل پام بوندی، کو زیادہ منقسم ووٹوں کا سامنا کرنا پڑا بھی وسیع پیمانے پر مختلف ہوتے ہیں کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ کابینہ کی تشکیل زیادہ قدامت پسندانہ پالیسیوں کی طرف تبدیلی کی عکاسی کرتی ہے جو آبادی کے بعض طبقات کو متاثر کر سکتی ہے۔ دوسرے جمہوری اصولوں اور اداروں کے ممکنہ کٹاؤ کے بارے میں خدشات کا اظہار کرتے ہیں۔

آنکھ کھلنے تک!

پاکستان کی لائن امریکہ کے ساتھ سیدھی ہوگئی ہے اور پی ٹی آئی یہ سوچ کر دکھی ہوگئی ہے کہ اس کی لائن کٹ گئی ہے حالانکہ اس کی لائن امریکہ کے ساتھ جڑی کب تھی۔ یہ تو اس نے فرض کر لیا تھا اور ایک ذہنی بیماری ایسی ہے جس میں مریض جو کچھ فرض کرتا ہے، کچھ عرصے بعد اسے سچ سمجھ لیتا ہے۔ تو ہماری مریضہ نے یہ مفروضہ کیسے گھڑا؟۔ جب ڈونلڈ ٹرمپ امریکی صدر کا الیکشن جیت گئے تو مریضہ نے ملک بھر میں ایسے جشن منایا جیسے الیکشن ری پبلکن پارٹی نے نہیں، مریضہ نے جیتے ہوں۔ پی ٹی آئی نامی اس مریضہ نے رپورٹوں کے مطابق ری پبلکن پارٹی کے ارکان پر دس ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی اور پھر فرض کر لیا کہ لابی الگ کامیاب رہی ہے۔ رچرڈ گرینل نامی ایک شغلیے کے ٹویٹس نے اس مفروضے کو اور مضبوط کیا اور پی ٹی آئی یہ سمجھ بیٹھی کہ لائن سیدھی ہوگئی۔ لیکن شریف اللہ نامی دہشت گرد کی گرفتاری، اس کی امریکہ حوالگی اور پھر صدر ٹرمپ کے بھری بزم میں، یعنی سربازار پاکستان کا شکریہ ادا کرنے سے مریضہ کی آنکھ جھٹکے سے کھلی۔ پہلے تو وہ سہانا خواب ٹوٹنے کا یقین ہی نہیں کر رہی تھی، گویا سکتے کے عالم میں آنکھیں ملتی رہی۔ اب یقین آ گیا ہے تو وہ سوگ بھی منا رہی ہے اور یہ طعنہ بھی دے رہی ہے کہ پاکستان امریکہ کے سامنے جھک گیا ہے۔ یعنی وہ خود جو امریکہ سے منت ترلے کرتی رہی، لابی الگ میں تن من دھن کھپاتی رہی، امریکہ سے پاکستان کا دانہ پانی بند کروانے کیلئے واسطے دیتی رہی، وہ سب درست، پاکستان نے دہشت گرد پکڑا تو پاکستان جھک گیا۔ ایک واقعے کے اندر سے ضمنی واقعہ بھی نکلا کرتا ہے جسے بائی پراڈکٹ کہا جاسکتا ہے۔ اسحاق ڈار کے ساتھ بھی یہی ہوا۔ انہیں وزیر خارجہ بنایا گیا تو میڈیا میں بہت مذاق اڑا کہ یہ تو محض نام کے وزیر خارجہ ہیں، اصل تو کوئی اور ہے۔ اتنا پراپیگنڈہ ہوا کہ ڈار صاحب نے بھی مان لیا کہ ہاں کچھ ایسا ہی ہے اور یہ طعنہ بھی دے رہی ہے کہ پاکستان امریکہ کے سامنے جھک گیا ہے۔ یعنی وہ خود جو امریکہ سے منت ترلے کرتی رہی، لابی الگ میں تن من دھن کھپاتی رہی، امریکہ سے پاکستان کا دانہ پانی بند کروانے کیلئے واسطے دیتی رہی، وہ سب درست، پاکستان نے دہشت گرد پکڑا تو پاکستان جھک گیا۔ ایک واقعے کے اندر سے ضمنی واقعہ بھی نکلا کرتا ہے جسے بائی پراڈکٹ کہا جاسکتا ہے۔ اسحاق ڈار کے ساتھ بھی یہی ہوا۔ انہیں وزیر خارجہ بنایا گیا تو میڈیا میں بہت مذاق اڑا کہ یہ تو محض نام کے وزیر خارجہ ہیں، اصل تو کوئی اور ہے۔ اتنا پراپیگنڈہ ہوا کہ ڈار صاحب نے بھی مان لیا کہ ہاں کچھ ایسا ہی ہے، چنانچہ وزارت سنبھالنے کے بعد سے بالعموم انہیں خاموش ہی دیکھا گیا۔ پھر شریف اللہ کی گرفتاری پر کچھ ایسا ہوا کہ خود ڈار صاحب کو بھی یقین کرنے میں کچھ وقت لگا۔ امریکی سیکرٹری نے انہیں فون کیا اور مبارکباد کی رسید وصول کی۔ ظاہر ہے، امریکی خارجہ سیکرٹری نے ازراہ پروٹوکول پاکستان کے وزیر خارجہ ہی سے بات کرنا تھی۔ اور وں کو یقین آئے نہ آئے، ڈار صاحب کو بہرحال یقین آ گیا ہے کہ پاکستان کے وزیر خارجہ وہی ہیں، کوئی اور نہیں۔ ثبوت اس کا یہی ٹیلی فون ہے۔ ٹیلی فون ڈار صاحب کو آیا، محسن نقوی کو نہیں، یہ بات نوٹ کرنے کی ہے۔ ڈار صاحب نے نوٹ کر لی ہے، قارئین بھی نوٹ فرما لیں۔ شریف اللہ کی گرفتاری پر پی ٹی آئی الگ سے بھی دکھی ہے حالانکہ شریف اللہ کا تعلق داعش وغیرہ سے ہے، ٹی ٹی پی وغیرہ سے نہیں۔ پاکستان نے ٹی ٹی پی کا یوں کمانڈر پکڑ کر امریکہ کے حوالے نہیں کیا۔ دکھیاری مریضہ سے گزارش ہے کہ دکھوں کی گٹھڑی سے کم از کم شریف اللہ کا دکھ نکال پھینکے گٹھڑی کا وزن کچھ تو کم ہو گا۔ رپورٹ آئی ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں 45 فیصد کا اضافہ ہو گیا ہے۔ اور پاکستان دہشت گردی کو روکنے میں ناکام رہا ہے۔ لرزہ خیز، افسوسناک اور المناک ماجرا ہے۔ دہشت گردی پر ایک عشرہ پہلے تک بڑی حد تک قابو پا لیا گیا تھا لیکن پھر تگڈم حرکت میں آئی۔ تگڈم کا ترجمہ چاہیں تو ٹرینٹیٹی کر لیں چاہے ٹرائنگل۔ کل سینٹ میں خواجہ آصف نے اسی تگڈم کی طرف اشارہ کیا یعنی جنرل باجوہ، فیض اور عمران کی چنڈال ٹیکڑی۔ اس ٹیکڑی نے دھرنے دیئے، ثاقب نثار کو ساتھ ملایا، پاکستان سے استحکام کا خاتمہ کیا، سی پیک کا گلا دبایا اور ملک میں انارکی پھیلا دی۔ اس پر بھی دل نہ بھرا تو دہشت گردوں کی ہزاروں مفرور نفری کو افغانستان سے امپورٹ کیا، ان کی سہولت کاری کی، یہاں تک کہ جیلیں بھی تڑوائیں۔ یاد ہوگا، یہ شریف اللہ نام کا جو دہشت گرد پکڑا گیا ہے، پہلے گرفتار تھا، پھر کے پی میں جیلیں تڑوائی گئیں تو یہ بھی نکل بھاگا۔ خواجہ آصف نے کہا، دو تو ان میں سے اندر ہیں، تیسرے یعنی باجوہ کی بھی جواب طلبی ہونی چاہیے۔ مطلب اسے بھی گرفتار کیا جانا چاہیے۔ بات درست ہے لیکن معاملہ ٹیڑھی لکیر کا ہے۔ دیکھئے خواجہ آصف کے مطالبے کا ایک



دلچسپ پہلو بھی ہے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ جب خواجہ صاحب کا بیان میڈیا پر چلتا ہے تو ان کے نام کے شروع میں وزیر دفاع کا سابقہ بھی لگا ہوتا ہے یعنی بیان یوں چلتا ہے کہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہاں کا تازہ بیان دراصل سینٹ میں خطاب ہے۔ اس کی خبریوں چلنی چاہیے تھی کہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے مطالبہ کیا ہے کہ ان کا تازہ بیان دراصل سینٹ میں خطاب ہے۔ اس کی خبر یوں چلنی چاہیے تھی کہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے مطالبہ کیا ہے کہ کس ملک کا وزیر دفاع مطالبہ کیا کرتا ہے؟ ظاہر ہے یہ اعزاز صرف پاکستان کو حاصل ہے۔ یہاں حکومت فیصلے نہیں کرتی، مطالبے کرتی ہے اور تجویزیں دیتی ہے۔ مطالبے کس سے ___ تجویزیں کس کو خبر، بات وہم کو یقین میں بدلنے والی بیماری سے چلی تھی اور ضمنیات پر چلی گئی۔ واہمے سے حقیقت تک کے سفر کی ایک کہانی سال بھر پہلے کی یاد آ گئی۔ مرشد نے اچانک فیصلہ کیا کہ وہ آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کا الیکشن لڑیں گے۔ مفروضہ یہ بنا کہ وہ الیکشن جیت سکتے ہیں۔ پھر جیت سکتے ہے بات آگے بڑھ گئی اور یہ کہا گیا کہ وہ الیکشن جیت جائیں گے۔ پھر اس سے بھی آگے بڑھے، وہی جیتیں گے۔ پھر یہ کہ وہ تو جیت چکے، وومنگ کے روز محض رسمی کارروائی ہوئی۔ کس کی مجال ہے کہ عمران کے مقابلے میں کھڑا ہو۔ پھر اس مفروضے کو اور مضبوط کیا اور پی ٹی آئی یہ سمجھ بیٹھی کہ لائن سیدھی ہوگئی۔ لیکن شریف اللہ نامی دہشت گرد کی گرفتاری، اس کی امریکہ حوالگی اور پھر صدر ٹرمپ کے بھری بزم میں، یعنی سربازار پاکستان کا شکریہ ادا کرنے سے مریضہ کی آنکھ جھٹکے سے کھلی۔ پہلے تو وہ سہانا خواب ٹوٹنے کا یقین ہی نہیں کر رہی تھی، گویا سکتے کے عالم میں آنکھیں ملتی رہی۔ اب یقین آ گیا ہے تو وہ سوگ بھی منا رہی ہے اور یہ طعنہ بھی دے رہی ہے کہ پاکستان امریکہ کے سامنے جھک گیا ہے۔ یعنی وہ خود جو امریکہ سے منت ترلے کرتی رہی، لابی الگ میں تن من دھن کھپاتی رہی، امریکہ سے پاکستان کا دانہ پانی بند کروانے کیلئے واسطے دیتی رہی، وہ سب درست، پاکستان نے دہشت گرد پکڑا تو پاکستان جھک گیا۔ ایک واقعے کے اندر سے ضمنی واقعہ بھی نکلا کرتا ہے جسے بائی پراڈکٹ کہا جاسکتا ہے۔ اسحاق ڈار کے ساتھ بھی یہی ہوا۔ انہیں وزیر خارجہ بنایا گیا تو میڈیا میں بہت مذاق اڑا کہ یہ تو محض نام کے وزیر خارجہ ہیں، اصل تو کوئی اور ہے۔ اتنا پراپیگنڈہ ہوا کہ ڈار صاحب نے بھی مان لیا کہ ہاں کچھ ایسا ہی ہے، چنانچہ وزارت سنبھالنے کے بعد سے بالعموم انہیں خاموش ہی دیکھا گیا۔ پھر شریف اللہ کی گرفتاری پر کچھ ایسا ہوا کہ خود ڈار صاحب کو بھی یقین کرنے میں کچھ وقت لگا۔ امریکی سیکرٹری نے انہیں فون کیا اور مبارکباد کی رسید وصول کی۔ ظاہر ہے، امریکی خارجہ سیکرٹری نے ازراہ پروٹوکول پاکستان کے وزیر خارجہ ہی سے بات کرنا تھی۔ اور وں کو یقین آئے نہ آئے، ڈار صاحب کو بہرحال یقین آ گیا ہے کہ پاکستان کے وزیر خارجہ وہی ہیں، کوئی اور نہیں۔ ثبوت اس کا یہی ٹیلی فون ہے۔ ٹیلی فون ڈار صاحب کو آیا، محسن نقوی کو نہیں، یہ بات نوٹ کرنے کی ہے۔ ڈار صاحب نے نوٹ کر لی ہے، قارئین بھی نوٹ فرما لیں۔ شریف اللہ کی گرفتاری پر پی ٹی آئی الگ سے بھی دکھی ہے حالانکہ شریف اللہ کا تعلق داعش وغیرہ سے ہے، ٹی ٹی پی وغیرہ سے نہیں۔ پاکستان نے ٹی ٹی پی کا یوں کمانڈر پکڑ کر امریکہ کے حوالے نہیں کیا۔ دکھیاری مریضہ سے گزارش ہے کہ دکھوں کی گٹھڑی سے کم از کم شریف اللہ کا دکھ نکال پھینکے گٹھڑی کا وزن کچھ تو کم ہو گا۔ رپورٹ آئی ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں 45 فیصد کا اضافہ ہو گیا ہے۔ اور پاکستان دہشت گردی کو روکنے میں ناکام رہا ہے۔ لرزہ خیز، افسوسناک اور المناک ماجرا ہے۔ دہشت گردی پر ایک عشرہ پہلے تک بڑی حد تک قابو پا لیا گیا تھا لیکن پھر تگڈم حرکت میں آئی۔ تگڈم کا ترجمہ چاہیں تو ٹرینٹیٹی کر لیں چاہے ٹرائنگل۔ کل سینٹ میں خواجہ آصف نے اسی تگڈم کی طرف اشارہ کیا یعنی جنرل باجوہ، فیض اور عمران کی چنڈال ٹیکڑی۔ اس ٹیکڑی نے دھرنے دیئے، ثاقب نثار کو ساتھ ملایا، پاکستان سے استحکام کا خاتمہ کیا، سی پیک کا گلا دبایا اور ملک میں انارکی پھیلا دی۔ اس پر بھی دل نہ بھرا تو دہشت گردوں کی ہزاروں مفرور نفری کو افغانستان سے امپورٹ کیا، ان کی سہولت کاری کی، یہاں تک کہ جیلیں بھی تڑوائیں۔ یاد ہوگا، یہ شریف اللہ نام کا جو دہشت گرد پکڑا گیا ہے، پہلے گرفتار تھا، پھر کے پی میں جیلیں تڑوائی گئیں تو یہ بھی نکل بھاگا۔ خواجہ آصف نے کہا، دو تو ان میں سے اندر ہیں، تیسرے یعنی باجوہ کی بھی جواب طلبی ہونی چاہیے۔ مطلب اسے بھی گرفتار کیا جانا چاہیے۔ بات درست ہے لیکن معاملہ ٹیڑھی لکیر کا ہے۔ دیکھئے خواجہ آصف کے مطالبے کا ایک دلچسپ پہلو بھی ہے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ جب خواجہ صاحب کا بیان میڈیا پر چلتا ہے تو ان کے نام کے شروع میں وزیر دفاع کا سابقہ بھی لگا ہوتا ہے یعنی بیان یوں چلتا ہے کہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہاں کا تازہ بیان دراصل سینٹ میں خطاب ہے۔ اس کی خبریوں چلنی چاہیے تھی کہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے مطالبہ کیا ہے کہ اس ملک کا وزیر دفاع مطالبہ کیا کرتا ہے؟ ظاہر ہے یہ اعزاز صرف پاکستان کو حاصل ہے۔ یہاں حکومت فیصلے نہیں کرتی، مطالبے کرتی ہے اور تجویزیں دیتی ہے۔ مطالبے کس سے ___ تجویزیں کس کو خبر، بات وہم کو یقین میں بدلنے والی بیماری سے چلی تھی اور ضمنیات پر چلی گئی۔ واہمے سے حقیقت تک کے سفر کی ایک کہانی سال بھر پہلے کی یاد آ گئی۔ مرشد نے اچانک فیصلہ کیا کہ وہ آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کا الیکشن لڑیں گے۔ مفروضہ یہ بنا کہ وہ الیکشن جیت سکتے ہیں۔ پھر جیت سکتے ہے بات آگے بڑھ گئی اور یہ کہا گیا کہ وہ الیکشن جیت جائیں گے۔ پھر اس سے بھی آگے بڑھے، وہی جیتیں گے۔ پھر یہ کہ وہ تو جیت چکے، وومنگ کے روز محض رسمی کارروائی ہوئی۔ کس کی مجال ہے کہ عمران کے مقابلے می



اسلام میں عورت کا مقام

مفتی محمد اسماعیل طورو

اسلام میں عورت محبت و رحمت کا مجسمہ زندگی اور اس کی بہاروں کا سرچشمہ اور تقدّد خاندانی ہے۔ یہ مرد کا لباس ہے جس کی غیر موجودگی میں جنت؛ جنت نہ تھی، بلکہ ویرانہ محسوس ہو رہی تھی۔ یہ کائنات کا ایک حسین اور افضل ترین تحفہ ہے۔ یہ اتنی ہی قابل عزت و احترام ہے جتنا کہ مرد ہے۔ یہ دونوں انسانیت کی تکمیل کی نشانی اور ایک دوسرے کا لباس ہیں۔ عورت کے بغیر مرد کی کوئی حیثیت نہیں۔ اور عورت سے علیحدہ کوئی مقام نہیں۔ دونوں ایک ہی اکائی ہیں۔

اسلام میں عورت کے حقوق مرد کے مقابلے میں کم ہیں، جب کہ دائرۂ کار الگ الگ ہے۔ عورت کی بے لوث خدمت، قربانی اور کارگزاریوں سے انسانیت کو معراج ملی۔ کیوں کہ ماضی ہر بڑی شخصیت کے پیچھے ایک عورت کھڑی نظر آتی ہے۔ اسی کی گود میں نبی، رسول اور مجاہد پلے ہیں۔ اور اسی کی گود سے علم و ہنر کے خشک پھوٹے ہیں۔ عورت فطرتی طور پر پیدائشی نرم خو، خوش خلقی، قربانی، شیرینی اور نزاکت کا مجموعہ ہے۔ اس میں وفا داری اور مرد کے لئے جان پر کھیل جانے کا جذبہ ہے اور اس میں نرمی کے عناصر غالب ہیں۔

عورت کی ذمہ داریاں اور اُس کے فرائض و واجبات اگر اس کی طبیعت و مزاج اور جسمانی ساخت کے فطرتی تقاضوں اور صلاحیتوں کے مطابق نہ ہوں تو انسانی معاشرہ غیر متوازن ہو کر انتشار اور فساد کا شکار ہو کر رہ جاتا ہے جیسا کہ آج کل ہے۔ یہ عہد ترین نرم و نازک مخلوق (جو فطرتی اور پیدائشی طور پر ٹیڑھے پن کی حامل ہے) مرد کی حفاظت اور رحم و شفقت کی حق دار ہے۔ اس کو پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کانچ کے برتن سے تشبیہ دی ہے۔ اور آپ علیہ السلام نے اپنے انتقال سے ایک دن پہلے فرمایا کہ تم عورتوں کے بارے میں میری نصیحت اور تمہارے ساتھ خیر خواہیان رکھنا اور ان کے ساتھ اچھائی کرنا! (بخاری) اور فرمایا: ''عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو!''

اس نفع بخش اور حسن و جمال کے پیکر کو اللہ تعالیٰ نے مرد کے لئے سب سے بڑی اور سنجیدہ، خطرناک اور تباہ کن آزمائش بنایا ہے۔ اس کو نہ مرد کے سر پر سوار ہونے کے لئے پیدا کیا گیا اور نہ ہی پاؤں تلے روندنے کے لئے، بلکہ اس کو دل کے انتہائی قریب رکھنے کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ یہ اس وقت وجود میں آئی جب جنت بھی تھی۔ لیکن ہر کوئی نہ تو اسے دیکھ سکتا تھا اور نہ ہی ہاتھ لگا سکتا تھا، بلکہ صرف سورج، چاند اور ستارے اور جس کو اللہ تعالیٰ نے اجازت دی وہ اس پر روشنی کا ہاتھ لگاتے تھے۔

زمین پر اگر ایک لاکھ چوبیس ہزار مکمل و بیش انبیاء علیہم السلام کا سلسلہ جاری نہ ہوتا تو یہ دنیا آدم خوروں کا جہان ہوتا اور عورت کو بھون کر کھا لیا جاتا۔ چنانچہ یہ بات تاریخ سے ثابت ہے کہ یورپ آدم خوروں کا بڑا عظم تھا۔ یہ لوگ بڑے مزے سے عورتوں اور بچوں کو سلاخوں پر بھون کر کھاتے تھے۔ یہ تاریک دور (Dark days) کے نام سے مشہور ہے۔ اب چند صدیوں پہلے کی بات ہے کہ یورپ میں آدمی کے گوشت کی دکانیں تھیں۔ یہ علاقہ شاید انبیاء علیہم السلام کی آمد سے محروم رہا اس لئے ان کی یہ حالت تھی۔ اور اسی طرح صلیبی جنگوں میں صلیبیوں نے مسلمان بچوں، عورتوں اور مردوں کو سنیوں پر بھون کر کھایا تھا۔ B.B.C والوں نے اس کی تاریخ ساز فلم بھی بنائی تھی جو دیکھی جا سکتی ہے۔

یہ مسلمانوں کی بدبختی ہے کہ اسلام کی عملی زندگی کو وہ یورپ والوں کے سامنے رکھنے سے ناکام رہے۔ ان کے سامنے علم کے عمل کو صحیح اجاگر نہیں کیا۔ لیکن تمام دنیا کی بدبختی ہے کہ یورپ والوں نے ''علم'' کو انسانوں کے نفع کے بجائے ''فن'' کی شکل دے کر پیچھا شروع کر رکھا ہے، پھر اس کو تعلیم کا نام دے کر پوری دنیا کو تعلیم دے رہے ہیں۔ تعلیم کسی کو دے رہے ہیں کہ تم اپنے وقت اپنے مال (جو حقیقت میں دوسروں پر خرچ کرنے کے لئے ہے) اجرت لے کر تکثار کرو اور انسانیت سے ہٹ کر ابوالہوس بن جاؤ! اس ابوالہوس کے کرتوت دیکھ کر بڑے بڑے عہدوں پر بیٹھے شہوت پرستوں نے اپنی نظر کی تراوٹ اور لطف اندوزی کے لئے صنف نازک کو ننگا اور عریاں کیا اور پھر اس کی عفت و عصمت اور پاک دامنی کو تار تار کرنے اور اپنی چشمی ہوس کی تسکین کے لئے معاشرے میں ایسے حالات پیدا کیے کہ عورت لاچار، مجبور اور بے بس ہو کر بیٹھ گئی اور اس نے اپنے ہوش و حواس کھو دیے اور اپنی معصومیت اور نرمی کی وجہ سے یہ احساس بھی نہ ہوا کہ وہ کیا تھی، کیا ہے اور کیا بن گئی؟ اس کو معلوم بھی نہ ہونے پایا کہ وہ کیا کر رہی ہے اور کیا بن جائے گی؟ ملازمت کے بہانے اور معاش کے چکر میں وہ مارکیٹوں بکیوں اور فرنشڈ گھروں میں پہنچ گئی۔ اس کی فطرتی کم زوری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے یورپ والوں نے اس کو مردوں کا سیکرٹری، دوکانوں پر سیلز گرل اور ماڈل گرل جیسے کاموں پر تعینات کر دیا اور مارکیٹوں کو آباد کرنے کے لئے کال گرل کا نام دے کر اس کو جسم فروشی پر مجبور کر دیا۔ یورپ والے تو اپنے مزاج کے لحاظ سے ایسے تھے ہی، لیکن افسوس کہ مسلمان بھی ایسے گم راہ ہو گئے کہ مساوات مرد و زن میں یورپ والوں کو مات دے گئے۔

دل کے پھپھولے جل اٹھے سینے کے داغ سے
اس گھر کو آگ لگ گئی ''گھر کے چراغ'' سے

ابھی حال ہی میں (2012) میں امریکہ کے وزارت خارجہ نے سینٹ کے سامنے اعتراف کیا ہے کہ ہم نے مختلف پاکستانی تھنک ٹوارین ڈالر مہیا کیے ہیں کہ مسلمانوں کو کس طرح خراب کیا جائے

لیکن اس سب کے باوجود ماضی قریب میں جب امریکہ کی نیو یارک سٹی یونی ورسٹی کی سائیکالوجی کے پروفیسر ایرلی، ریلم کی تیس بڑے ممالک کی سروے رپورٹ مکمل ہوئی تو سب سے اوّل نمبر پر پاک دامن اور فاشی سے دور مسلم خواتین ہی کا چہرہ سامنے آیا، جب کہ سب سے زیادہ بد کردار اور فاشی میں ملوث یہودی عورتیں تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ اب بھی اللہ مسلمان کسی نہ کسی لحاظ سے اپنے دین اسلام پر قائم و دائم ہیں اور یہ مسلمان خواتین ہی کی سب سے بڑی عزت و عظمت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

میگزین رپورٹ

لاہور میں جرائم کے انسداد کے لیے خواتین پولیس شوٹرز تعینات کر دی گئی ہیں، انہیں محرم کے جلوسوں پر بھی مامور کیا جائے گا۔ پہلے مرحلے میں 50 خواتین پر مشتمل ایک دستہ تشکیل دیا گیا ہے جنہیں پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں شوٹنگ کی تربیت دی گئی۔ پولیس ٹریننگ سینٹر مصرفیہ عندلیب نے خواتین اہلکاروں کو ایس ایم جی رائفل اور ایم ایل کے میگزین میں گولیاں بھرنا سکھایا، اور اسلحہ لوڈ و ان لوڈ کرنے کی تربیت دی۔ ٹرینر نے خواتین اہلکاروں کو پوزیشن لینے سے فائر کروانے تک کی مشق بھی کروائی۔ تمام خواتین اہلکاروں سے ایس ایم جی رائفل اور ایم ایل سے 50،50 فائر کروائے گئے۔ ایس پی ہیڈ کوارٹرز سید فرار حسین شاہ نے اس حوالے سے میڈیا کو بتایا کہ مالیہ



دہشت گردی کی لہر میں خواتین پولیس اہلکاروں کی ٹریننگ اہم ضرورت بن گئی ہے، محرم الحرام کے جلوس کے راستوں پر گھروں کی چھتوں پر مرد پولیس اہلکار تعینات کرنے میں مشکلات پیش آتی ہیں، مقامی لوگوں کو شکایت ہوتی تھی کہ ان کے گھر میں خواتین ہیں اس لیے وہ اہلکار کو چھت پر نہیں پہنچنے دیتے، ان شکایات کے ازالہ کے لیے پولیس فورس کی خواتین کو اسنائپ شوٹنگ کی تربیت دی گئی۔ جلوس کے راستوں پر کمرشل عمارتوں پر پولیس کے جوان اور گھروں کی چھتوں پر خواتین شوٹرز تعینات ہوں گی۔ اسنائپ شوٹنگ کی تربیت حاصل کرنے والی خاتون پولیس اہلکار جمیلہ پروین اور عشرہ نے بتایا کہ اسلحہ چلانے کی تربیت سے ان کی خود اعتمادی میں اضافہ ہوا، ان کا نہ صرف خوف دور ہوا بلکہ جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا حوصلہ بھی بڑھ گیا۔ ٹرینر مصرفیہ عندلیب نے بتایا کہ اسنائپ شوٹرز کو سرچ آپریشنز کے دوران بلڈ ڈیکٹرز سے تلاشی کی تربیت سمیت جہم کو منتشر کرنے اور ہر طرح کے حالات سے نمٹنے کی مکمل تربیت دی گئی ہے۔

پنجاب میں پولیس کی خواتین شوٹرز کا دستہ تیار

50 کی تربیت مکمل، محرم کے جلوسوں پر بھی تعینات کی جائے گا

آرٹس کونسل راولپنڈی میں گھریلو تربیتی کورسز جاری

ایگزیکٹو ڈائریکٹر ثمن رائے کا دورہ، جائزہ اجلاس کی صدارت، کلاسز کا معائنہ کیا



میگزین رپورٹ

ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل ثمن رائے نے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینے کے لیے راولپنڈی آرٹس کونسل کا دورہ کیا۔ انھوں نے اس موقع پر ایک اجلاس کی صدارت کی جس میں ایس ای بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ شہزاد حسین، ایگزیکٹو انجینئر عمران علی، ایس ڈی او اخلاق، ڈائریکٹر آپریشن پکارا یار الرام، ڈائریکٹر آرٹس کونسل وقاص احمد اور دیگر افسران شریک ہوئے۔ بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ نے لیٹین و بجلی کرائی کہ ہال 15 ستمبر تک جبکہ پوری سکیم 30 اکتوبر تک مکمل ہو جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ کونسل میں جاری کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ آرٹس کونسل کی ثقافتی سرگرمیاں متاثرہ ہوں۔ اس موقع پر انھوں نے کلاسز کا بھی دورہ کیا۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل وقاص احمد نے بتایا کہ اس وقت مختصر دورانیے کے 25 سے زائد تربیتی کورسز جاری ہیں جن کا مقصد نوجوان نسل کو مختلف شعبوں میں ہنر مند بنانا ہے۔ ان شارٹ کورسز میں گائیکی، ہارمونیم، طبلہ، ہی بورڈ، گٹار، وائلن، ستار، مصوری، آرٹ اینڈ کرافٹ، چائلڈ آرٹ، خطاطی، ظروف نگاری، فیشن ڈیزائننگ، میک اپ، ہاتھ سے بنی جیولری، فلور میکنگ، ٹیکنگ، کونچنگل ڈشز، مفل ڈشز، ہالینن ڈشز، کپڑوں کی سلائی و کٹائی، کڑھائی، کینڈل میکنگ، کمپیوٹر، کمپیوٹر گرافکس، ٹیکسٹائل ڈیزائننگ، سپوکن انگلش، انٹیریر ڈیکوریشن، گلاس پینٹنگ، سلائنگ فلور اور دیگر شامل ہیں۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل ثمن رائے نے کہا کہ نوجوان نسل کو ہشت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کے لیے چیدہ چیدہ کورسز کا انعقاد بہت ضروری ہے۔ انھوں نے کہا کہ پورے پنجاب میں نوجوانوں کے لیے تربیتی کورسز کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ تربیتی کورسز کے انعقاد پر انھوں نے راولپنڈی آرٹس کونسل کی کوششوں کو سراہا۔

انٹرنیشنل





اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

(اے پی پی)

یوکرین کے ساتھ مذاکرات آئندہ ہفتے سعودی عرب میں ہوں گے، امریکا

ریاض (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اہلکار برائے مشرق وسطیٰ سٹیو وٹکوف نے کہا ہے کہ وہ روس کے ساتھ اپنی ختم کرنے کے لیے فریم ورک پر یوکرین سے بات چیت کر رہے ہیں اور آئندہ ہفتے سعودی عرب میں یوکرین کی قیادت سے ملاقات طے ہے۔ فریق ٹکی خبر رساں ادارے کے مطابق سٹیو وٹکوف نے واشنگٹن میں صحافیوں کو بتایا کہ جب اب یوکرینیوں کے ساتھ (ملاقات) مکمل طور پر ریاض یا جدہ میں ہوگی۔ سعودی عرب میں ملاقات کا حوالہ دیتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ کے اہلکار برائے مشرق وسطیٰ سٹیو وٹکوف نے کہا کہ میرے خیال میں ان معاہدے اور ابتدائی جنگ بندی کے لیے ایک فریم ورک تک پہنچنے کا متحصور ہے۔ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا کہ یوکرین اور امریکی حکام کے درمیان طے شدہ مذاکرات سے ایک دن پہلے وہ آئندہ ہفتے سعودی عرب کا دورہ کریں گے۔ انہوں نے ایکس پر ایک پوسٹ میں بتایا کہ اس کے بعد میری ٹیم اپنے امریکی شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کے لیے سعودی عرب میں رہے گی۔ یوکرین امن میں سب سے زیادہ دلچسپی رکھتا ہے۔ ایس پی ایک پوسٹ میں بتایا کہ اس کے بعد میری ٹیم اپنے امریکی شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کے لیے سعودی عرب میں رہے گی۔



ایسا لگتا ہے کہ چینگ 6 خلائی جہاز میں مشن لینڈر کے ساتھ ایک نامعلوم رود منسلک ہے) چائنا اکیڈمی آف سپیس ٹیکنالوجی)

مسجد نبوی ﷺ میں نئی سہولت، اردو سمیت تین زبانوں میں ڈیجیٹل میپ

مدینہ منورہ (این این آئی) مسجد نبوی کی انتظامیہ نے زائرین کی سہولت کے لیے اردو، انگلش اور عربی زبانوں میں ڈیجیٹل نقشے متعارف کرا دیے ہیں جن کے ذریعے اوقات میں مسجد میں نمازِ جنازہ کے بارے میں معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ ایس پی اے کے مطابق انتظامیہ کی جانب سے جاری کیے جانے والے ڈیجیٹل نقشے کے ذریعے مسجد نبوی کی اندرونی و بیرونی براہ راست صورتحال معلوم کرنے کے لیے کیو آر کوڈ تعین کیا جاتا ہے جس سے یہ معلوم کرنے میں سہولت ہو جاتی ہے کہ کہاں جگہ خالی ہے اور کون سے مقامات بھرے ہوئے ہیں۔ ڈیجیٹل نقشے کے ذریعے مسجد نبوی کے 12 مقامات کی نشاندہی کرتے ہوئے وہاں افراد کی تعداد کے مطابق نمازِ جنازہ کی ٹائمنگ دیکھی جا سکتی ہے جس مقام پر لوگ زیادہ ہوتے ہیں اور وہاں مزید نمازِ جنازہ نہیں ہوتی تو نقشے میں وہ مقام فل ظاہر کرے گا۔ نمازِ جنازہ ہونے یا خالی ہونے کی صورت میں بھی نقشہ اس مقام کے بارے میں صارف کو مطلع کرے گا۔ ڈیجیٹل نقشے سے زائرین کو یہ سہولت ہو جاتی ہے کہ وہ براہ راست اس جگہ پہنچ جاتے ہیں جہاں جگہ خالی ہوتی ہے۔

جنگ بندی مذاکرات کے لیے ہمارا وفد قاہرہ میں ہے، حماس

